لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں

ABC CERTIFIED

تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان

DAILY AWAMI MOHABBAT

روزنامہ

عوامی محبت

قصور، پاکستان

عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز

چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر


سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس

جلد نمبر 20 | بدھ 16 جمادی الاول، 1448ھ 28 اکتوبر 2026ء، 14 کاتک 2080ب | شمارہ نمبر 123

ایران، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب نے علاقائی امن وسلامتی کے فروغ کے لیے مذاکرات جاری رکھنے، مشترکہ کوششیں بڑھانے اور تعاون کو مزید آگے بڑھانے پر اتفاق

پاکستان سمیت چار ممالک کا علاقائی امن کیلئے مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق

ایرانی میڈیا کے مطابق چار ملکی اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا، جس میں خطے میں امن وسلامتی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے



وزیراعظم شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تہران: (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب نے علاقائی امن وسلامتی کے فروغ کے لیے مذاکرات جاری رکھنے، مشترکہ کوششیں بڑھانے اور تعاون کو مزید آگے بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق چار ملکی اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا، جس میں خطے میں امن وسلامتی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔ مکہ اتحاد کے ارکان اور ایران کے درمیان اجلاس میں سعودی وزیر (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر1)

گورنر پنجاب کا 100 کروڑ مالیت کی 10 ایکڑ زمین انڈس ہسپتال کو عطیہ دینے کا اعلان

زمین ضلع اٹک میں ہسپتال کی تعمیر کیلئے استعمال کی جائیگی، سردار سلیم حیدر کا انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کی تقریب سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے لاہور میں انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کی آٹھویں دو سالہ کانفرنس کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر2)

گوادر، ساحل پر 500 سے زائد بوتل نوز ڈولفنز کا دلکش نظارہ

گوادر (سٹاف رپورٹر) گوادر کے ساحلی علاقے میں 500 سے زائد بوتل نوز ڈولفنز کا بڑا گروہ دیکھا گیا ہے۔ ڈبلیو ڈبلیو ایف کے مطابق ڈولفنز کی اتنی بڑی تعداد میں موجودگی (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر3)

وکلاء نظام انصاف پر عوامی اعتماد مضبوط بنائیں، چیف جسٹس

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 51 وکلاء پر مشتمل وفد کی چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے سپریم کورٹ میں ملاقات کی، جس میں وفد فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے مسلسل قانونی تعلیم کے تربیتی پروگرام میں شریک ہوئے

بلوچستان بار کونسل کی جانب سے صوبے کی مختلف بار ایسوسی ایشنز سے 51 وکلاء کو تربیتی پروگرام کے لیے نامزد کیا گیا ہے، وفد میں کوئٹہ، ترتبت، خضدار، پشین، ژوب، چمن، قلات، بی اور بلوچستان کے دیگر اضلاع کے وکلاء شامل تھے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 51 وکلاء پر مشتمل وفد کی چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے سپریم کورٹ میں ملاقات کی، جس میں وفد فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے مسلسل قانونی تعلیم کے تربیتی پروگرام میں شریک ہوئے۔ بلوچستان بار کونسل کی جانب سے صوبے کی مختلف بار ایسوسی ایشنز سے 51 وکلاء کو تربیتی پروگرام کے لیے نامزد کیا گیا ہے، وفد میں کوئٹہ، ترتبت (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر4)

چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا باضابطہ آغاز

پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے پر تقریبات کا سلسلہ جاری ہے، اسی سلسلے میں اسلام آباد میں چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا

تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ، چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے پر تقریبات کا سلسلہ جاری ہے، اسی سلسلے میں اسلام آباد میں چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ، چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ اور دیگر اعلیٰ حکام (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر5)

قومی اسمبلی میں یومِ سیاہ کشمیر پر بھارت کے خلاف مذمتی قرارداد منظور، قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے پیش کی

مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر پائیدار امن ناممکن، صدر، وزیراعظم

صدر آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف کا یوم سیاہ کشمیر پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی زرداری اور شہباز شریف کا کشمیریوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت، عالمی برادری سے کردار ادا کرنے کی اپیل

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل ضروری، پاکستان کی کشمیریوں کیلئے اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھنے کا عزم، کشمیری سیاسی رہنماؤں اور انسانی حقوق کے کارکنوں کی طویل قید باعثِ تشویش ہے، وزیراعظم

اسلام آباد: (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی نے 27 اکتوبر یوم سیاہ پر کشمری عوام سے اظہار یکجہتی کی قرارداد منظور کرلی، قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر13)



لاہور: صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں چالنگ پروٹوکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم سیاہ کشمیر پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کیا، کشمیری مردہ خواتین اور (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر12)

آئی ایم ایف کی شرط پر ایف بی آر کا سٹیل سیکٹر کی نگرانی سخت کرنے کا فیصلہ

سٹیل میٹ شیکچررز کو 30 دسمبر 2026 تک جدید مانیٹرنگ سسٹم نصب اور فعال کرنے کی ہدایت کر دی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سیلز ٹیکس چوری کی روک تھام اور سٹیل کی پیداوار و ترسیل کی مؤثر نگرانی کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سٹیل سیکٹر میں مانیٹرنگ کا (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر14)



سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن قصور کے انڈیپنڈنٹ گروپ آف لائرز کے جنرل ہاؤس اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

اندرونِ لاہور میں بحال شدہ روشنائی گیٹ پریسنٹیئرین چرچ کا افتتاح

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل پنجاب والڈ سٹیز اینڈ ہیریٹیج ایریاز اتھارٹی جم اثاقب اور پاکستان میں فرانس کے سفیر ڈوں نوئل چوارے نے اندرونِ لاہور میں واقع تاریخی (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر9)

پاکستان کی سلامتی کونسل میں ویٹو پاور کی توسیع کی مخالفت

نیویارک (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر10)

ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر قصور خالد رشید کی زیر صدارت پہلی کوآرڈینیشن میٹنگ کا انعقاد

قصور (سٹاف رپورٹر) چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر قصور خالد رشید کی زیر صدارت خواتین کی شناختی کارڈ رجسٹریشن کے فروغ کے لیے (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر11)

نئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے انتخاب کیلئے پی ٹی آئی میں سرگرمیاں تیز

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نئے وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا کے انتخاب کے لیے پی ٹی آئی میں سرگرمیاں تیز ہو گئیں۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ کے معاملے پر پی ٹی آئی کے کئی (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر6)

سپریم کورٹ، 25 سالہ لڑکی کے قتل کا ملزم بری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان نے 25 سالہ لڑکی (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر7)

تشدد کر کے سر کے بال کاٹ دیے گئے، خاتون کی شکایت پر شوہر، ساس اور سسر زیر حراست

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی میں خاتون پر مبینہ تشدد کا مقدمہ (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر8)

ظالم کتنا ہی امیر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، مریم نواز

بائیک سوار خاتون سے کہا جتنے تھپڑ اس شخص نے تمہیں مارے، اتنے ہی تم مارو، مریم نواز وزیراعلیٰ پنجاب کا منڈی بہاء الدین میں لیپ ٹاپ اور ہونہار اسکالرشپ کے چیکس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

خواتین اور بچوں کو تکلیف پہنچانے والوں کو میرا پیغام ہے کہ جرم کی دنیا چھوڑ دو ورنہ مجھ سے کوئی شکوہ نہ کرنا۔ لوگ عدالت سے خانت لیکر آجاتے ہیں، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے ملوں گی کہ کم از کم مجرم کو اتنی سزا تو دیں کہ کل وہ باہر نکلے تو شرمندگی محسوس کرے

منڈی بہاء الدین (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب میں سفارش کا زمانہ چلا گیا، کوئی مجرم کتنا ہی طاقتور اور پیسے والا کیوں نہ ہو قانون کے ہاتھ اسکے گریبان تک پہنچیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے منڈی بہاء الدین کی یونیورسٹی آف رسول میں لیپ ٹاپ اور ہونہار اسکالرشپ کے چیکس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر15)



لاہور: شائقین کرکٹ قذافی اسٹیڈیم میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان سہ ملکی ون ڈے سیریز کا پانچواں میچ دیکھ رہے ہیں۔

گیس کمپریسر استعمال کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ، خلاف ورزی پر کنکشن منقطع ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں گیس پریشر کم ہونے کے باعث گھریلو صارفین کی جانب سے گیس کمپریسر کے استعمال میں اضافے کے بعد سوئی ناردرن گیس کمپنی نے کمپریسر استعمال کرنے والوں کے خلاف (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر17)

سکول انفارمیشن سسٹم کے ڈیٹا کی تصحیح، تصدیق 24 گھنٹے میں مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبے کے تمام سرکاری سکولوں کا سکول انفارمیشن سسٹم (ایس آئی ایس) ڈیٹا 24 گھنٹے میں درست اور تصدیق کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر18)

بجلی کے 200 یونٹ کی حد بڑھا کر 250 کرنے پر غور، اویس لغاری

صاحب حیثیت افراد سولر سسٹم لگا کر اپنے بجلی کے یونٹ 200 سے کم کر لیتے ہیں اور رعایت سے فائدہ اٹھاتے ہیں، وزیر توانائی

حکومت یونٹس کے بجائے غربت کی بنیاد پر بجلی صارفین کو ریلیف دینے کے نظام پر کام کر رہی ہے، غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والوں کو ریلیف دینے کے لیے منصوبے پر کام جاری ہے۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری کا کہنا ہے کہ حکومت بجلی صارفین کو ریلیف دینے کے موجودہ نظام میں تبدیلی پر کام کر رہی ہے، جس کے تحت 200 یونٹ کی حد کے بجائے غربت کی بنیاد پر ریلیف دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سینیٹ اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ 200 یونٹ کی حد ختم کرنے پر (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر16)



لاہور: صوبائی وزراء پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر اور بلال یاسین الحمراء ہال میں یوم سیاہ کشمیر کے سلسلے میں نکالی گئی احتجاجی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں۔

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی وسفارتی حمایت جاری رکھے گا، مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب کا یوم سیاہ پر مقبوضہ جموں وکشمیر کے شہداء کیلئے خراج عقیدت اور عوام کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مقبوضہ جموں وکشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف یوم سیاہ پر خصوصی پیغام میں مقبوضہ جموں وکشمیر کے شہداء کیلئے خراج عقیدت اور عوام کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کو مقبوضہ جموں وکشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کا اقدام تاریخ عالم کا سیاہ باب ہے، 27 اکتوبر کے سیاہ باب کی سیاہی بھارتی قیادت کے چہرے پر نمودار ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسئلہ کشمیر کسی ایک ملک کا نہیں بلکہ اقوام عالم کا (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر26)

ریلوے نے آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی رعایتیں دینا لازمی قرار دیدیا

ٹرین کی روانگی سے 48 گھنٹے پہلے تک رعایتی کوٹے کی سہولت بھی برقرار رہے گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ریلوے نے دیگر ٹرینوں کی طرح آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی رعایتیں دینا لازمی قرار دے دیا ہے۔ پاکستان ریلویز ہیڈ کوارٹرز لاہور کی ہدایات کے مطابق آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی قواعد کے مطابق رعایتی ٹکٹ، پاسز اور پی ٹی اوز کی سہولت برقرار رہے گی۔ معمر افراد، معذور افراد، صحافیوں، ریلوے ملازمین اور دیگر اہل افراد کو مقررہ قواعد کے مطابق رعایت دی جائے گی۔ ٹرین کی روانگی سے 48 گھنٹے پہلے تک رعایتی کوٹے کی سہولت بھی برقرار رہے گی۔ (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر25)



لاہور: کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نہری پانی چوری کے حوالے سے اہم انتظامی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

براہِ راست رابطے کے بغیر ٹیکس جانچ پڑتال نظام متعارف کرانے کی تجویز

ٹیکس دہندگان کے دستاویزات آن لائن نظام کے ذریعے جمع ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ٹیکس نظام میں شفافیت بڑھانے کیلئے ٹیکس معاملات کو آن لائن چلانے کے منصوبہ کے تحت ایف بی آر نے اگم ٹیکس قواعد میں نئی تجاویز کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ایف بی آر میں براہ راست رابطے کے بغیر ٹیکس جانچ پڑتال نظام متعارف کرانے کی تجویز ہے، ٹیکس دہندگان کے جوابات اور دستاویزات آن لائن نظام آئی آر آئی ایس کے ذریعے جمع ہوں گے (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر24)

لاہور، رشوت لینے اور دینے والے 3 پولیس اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

ہیڈ کانسٹیبل فاروق پر ڈیوٹیوں اور تبادلوں کے عوض کانسٹیبلز سے مبینہ رشوت لینے کا الزام ہے، حکام

لاہور (سٹاف رپورٹر) پولیس لائنز میں ڈیوٹیوں اور تبادلوں کے عوض مبینہ رشوت لینے اور دینے والے 3 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا، واقعے کی ویڈیو بھی سامنے آگئی۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق ہیڈ کانسٹیبل فاروق پر ڈیوٹیوں اور تبادلوں کے عوض کانسٹیبلز سے مبینہ رشوت لینے کا الزام ہے جبکہ کانسٹیبل عمران اور کانسٹیبل اسماعیل پر رشوت دینے کا الزام عائد کیا گیا ہے (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر23)

خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق فیصلہ محفوظ

23 اضلاع میں حلقہ بندیاں مکمل ہو چکی ہیں، کمیشن اپنے حکم کے ذریعے بلدیاتی انتخابات کرا سکتا ہے، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کمیشن

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن نے خیبر پختون خوا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق فیصلہ محفوظ کرلیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، فیصلہ محفوظ کر لیا گیا جسے بعد میں جاری کیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن میں (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر22)

اردن فضائیہ کے شام میں شدت پسندوں کے ٹھکانوں پر حملے

دوسری جانب خبر ایجنسی کے مطابق شام کے جنوبی علاقوں میں اردن کے فضائی حملے میں 7 افراد جاں بحق ہوگئے

مرنے والوں میں 3 بچے اور ایک خاتون شامل ہیں، درعا اور السویدا صوبوں کے دیہی علاقوں میں 4 مقامات کو نشانہ بنایا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اردن کی فضائیہ نے جنوبی شام میں دہشت گرد تنظیموں کے ٹھکانوں پر حملے کیے ہیں۔ ترجمان اردنی فوج نے آپریشن میں متعدد جنگجوؤں کو ہلاک اور زخمی کرنے کا دعویٰ کیا ہے، بیان کے مطابق کارروائی کرک کے حدود چرچ میں ہلاک ہونے والوں کا بدلہ ہے۔ اردنی حکام کے مطابق کارروائی کرک حملہ میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف کی گئی، کرک حملے کے ملزمان کا تعلق نشانہ بنائی گئی تنظیموں (باقی صفحہ جتیہ پر نمبر27)

عوامی محبت

ایڈیٹر، پبلشر اقبال، وانیال کھوکھر نے چترا پریس ہسپتال روڈ لاہور سے چھپوا کر کوٹ رادھا کشن ضلع قصور سے جاری کیا

ایڈیٹر: اقبال کھوکھر، ڈپٹی ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس، انچارج کرائم سیل: ملک طاہر محمود

میگزین ایڈیٹر: ایس ایم صابر، انچارج نمائندگان: رشید لالہ، سرکولیشن: اشرف آسی

قصور آفس: کوٹ رادھا کشن، کوٹ علی گڑھ پی او بکس نمبر 08 قصور۔ لاہور آفس: سون مارکیٹ حمزہ ٹاؤن فیروز پور روڈ لاہور

awami_mohabbat@yahoo.com awamimohabbat9@gmail.com

042-35457330 www.awamimohabbatgroup.com


www.awamimohabbatgroup.com



فرمان قائدؒ

مجھے امید ہے کہ آپ میں سے ہر ایک اپنے اپنے دائرہ عمل اور اپنی اپنی ذمہ داری سے آگاہ ہوگا۔ مجھے آپ سے صرف یہ کہنا ہے کہ ایک دوسرے سے مکمل تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ کام کیجیے۔

(چٹاگانگ میں سرکاری افسران سے خطاب 1948ء)



پیغام اقبالؒ

اے رہرو فرزانہ بے جذب مسلمانی
نے راہ عمل پیدا نے شاخ یقیں نم ناک
رندوں میں ہیں محبت کی گستاخی و بے باکی
ہر شوق نہیں گستاخ ہر جذب نہیں بے باک

(بال جبریل)



سیالکوٹ: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر نوید اقبال یوم سیاہ کے موقع پر ریسکیو 1122 سیالکوٹ کی کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

یوم سیاہ کے موقع پر ریسکیو 1122 سیالکوٹ کی کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی

ریسکیو 1122 سیالکوٹ کے افسران و اہلکاروں کی بھرپور شرکت کی

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) یوم سیاہ کے موقع پر ریسکیو 1122 سیالکوٹ کی کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی و پروگرام میں شرکت، کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی، ریسکیو 1122 سیالکوٹ کے افسران و اہلکاروں کی بھرپور شرکت کی۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 سیالکوٹ کے افسران و اہلکاروں نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر نوید اقبال کی سربراہی میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے منعقدہ تقریبات میں شرکت کی اور ریلی بھی نکالی۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت اور ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا اور ایک منٹ کی خاموشی بھی کی گئی۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر نوید اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ بانی/سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر کی قیادت میں ریسکیو 1122 انسانی ہمدردی، امن اور انسانی جانوں کے تحفظ کے اصولوں پر یقین رکھتا ہے۔ کشمیری عوام کے بنیادی انسانی حقوق کا احترام اور مسئلہ کشمیر کا پرامن حل وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ریسکیو 1122 سیالکوٹ کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کرتا ہے۔



سیالکوٹ: ایس ایچ او تھانہ نیکاپورہ انسپکٹر جہانزیب خان ڈکیتی و چھینا جھپٹی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری پر میڈیا کو تفصیلات بتا رہے ہیں

تھانہ نیکاپورہ پولیس کی کارروائی؛ ڈکیتی و چھینا جھپٹی کی وارداتوں میں ملوث خاتون سمیت تین ڈاکو گرفتار

مال مسروقہ 25 لاکھ روپے مالیت کے پانچ تولے طلائی زیورات اور ایک لاکھ سے زائد نقدی برآمد

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) تھانہ نیکاپورہ پولیس کی کارروائی؛ ڈکیتی و چھینا جھپٹی کی وارداتوں میں ملوث خاتون سمیت تین ڈاکو گرفتار۔ مال مسروقہ 25 لاکھ روپے مالیت کے پانچ تولے طلائی زیورات اور ایک لاکھ سے زائد نقدی برآمد، ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایات پر سیالکوٹ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اسی سلسلہ میں تھانہ نیکاپورہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور چھینا جھپٹی کی وارداتوں میں ملوث خاتون سمیت تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان میں ناصرہ پروین، محمد ندیم اور وقاص احمد شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان سے مختلف وارداتوں میں شہریوں سے لوٹے گئے 25 لاکھ روپے مالیت کے پانچ تولے طلائی زیورات جن میں چار چوڑیاں، دو کڑے، چار انگوٹھیاں اور ایک لاکٹ سیٹ جبکہ ایک لاکھ پندرہ ہزار روپے نقدی برآمد کی گئی ہے۔ ملزمان کی گرفتاری سے تھانہ نیکاپورہ میں درج ڈکیتی اور چھینا جھپٹی کے دو مقدمات ٹریس ہوئے ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان اسلحے کے زور پر گھروں میں داخل ہو کر وارداتیں کرتے تھے۔ ان وارداتوں میں ایک گھر سے شادی کے لیے تیار کیے گئے طلائی زیورات اور ایک بزرگ شہری سے نقدی چھیننے کی واردات بھی شامل ہے۔ گرفتار ملزمہ ناصرہ پروین جوڈیشل ریمانڈ پر ہے جبکہ محمد ندیم اور وقاص احمد سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ملزمان سے تفتیش جاری ہے جن سے مزید انکشافات متوقع ہیں

پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس (آج) ہوگا

اجلاس میں مذاکرات یا احتجاج سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا' سینیٹر علی ظفر

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس آج (منگل) کو ہوگا۔ پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ پارلیمانی پارٹی اجلاس میں مذاکرات یا احتجاج سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں علی ظفر نے کہا کہ اجلاس میں بانی پی ٹی آئی تک رسائی، خواتین کی رہائی اور علاج سے متعلق امور پر غور ہوگا۔ سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ اجلاس میں اہم سیاسی اور تنظیمی معاملات پر فیصلے کیے جائیں گے، پارلیمانی پارٹی اجلاس میں آئندہ حکمت عملی بھی طے کی جائے گی۔



سیالکوٹ۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق 'یوم سیاہ کشمیر' کے سلسلے میں منعقدہ ریلی کی قیادت کر رہے ہیں۔

یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کچہری چوک سیالکوٹ میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور بھارتی مظالم کے خلاف ضلع کی مرکزی تقریب

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کچہری چوک سیالکوٹ میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور بھارتی مظالم کے خلاف ضلع کی مرکزی تقریب اور احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے کی۔ ریلی میں طلباء، اساتذہ، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاکستان اور کشمیر کے پرچم اٹھا رکھے تھے اور "کشمیر بنے گا پاکستان" سمیت کشمیریوں کی آزادی کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ اس موقع پر پاکستان اور کشمیر کے ترانے پیش کیے گئے جبکہ ریسکیو 1122 اور پنجاب پولیس کے دستوں نے سلامی پیش کی۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور بھارتی غاصب افواج کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک منٹ کی خاموشی بھی اختیار کی گئی۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹر و انفورسمنٹ صولت حیات وٹو، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ صفدر شمیر، سی او میونسپل کارپوریشن اشفاق، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر نوید احمد، سماجی رہنما اشفاق نذر اور مرزا شکور اور دیگر بھی موجود تھے۔

حکومت پیٹرولیم لیوی اور گیس کی قیمتوں میں کمی کرے' میاں شاہد حسین

پیٹرول اور گیس کی قیمتوں میں اضافے نے عوام، کاروباری طبقے کی کمر توڑ دی

لاہور (این این آئی) صدر اوورسیز پاکستانی بزنس کمیونٹی کینیڈا میاں شاہد حسین نے کہا ہے کہ ملک بھر میں پیٹرول اور گیس کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافے نے عام آدمی اور کاروباری طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، پیٹرول اور گیس کی قیمت میں مسلسل اضافے کے بعد قیمت بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے جس کے اثرات براہ راست اشیائے خورد و نوش اور روزمرہ زندگی پر پڑ رہے ہیں۔ تاجر برادری، ٹرانسپورٹرز اور چھوٹے کاروباری حضرات نے پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ پیٹرول مہنگا ہونے سے ترسیل، پیداوار اور مال برداری کی لاگت کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ پہلے جو مال ہزار روپے میں منڈی سے آتا تھا، اب اس کا کرایہ ہی ڈھائی ہزار ہو گیا ہے، ایسے میں چھوٹا کاروباری کہاں جا کر فریاد کرے۔ پیٹرول اور گیس مہنگا ہونے سے آٹا، چینی، دال، سبزی اور روزمرہ استعمال کی ہر چیز کی قیمت میں بے تحاشا اضافہ ہوگیا ہے۔

پنجاب میں خصوصی تعلیم کو ڈیجیٹلائز کرنے کا فیصلہ

منصوبے کے تحت کلاس رومز کے لیے عالمی معیار کے جدید ڈیجیٹل لرننگ ماڈیولز تیار کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں خصوصی تعلیم کے شعبے کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے اور خصوصی بچوں کے لیے تدریسی نظام آسان بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈی جی اسپیشل ایجوکیشن شعیب خان جدون نے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے وفد سے ملاقات کی جس میں خصوصی تعلیم کو ڈیجیٹلائز کرنے اور جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی سے متعلق اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منصوبے کے تحت کلاس رومز کے لیے عالمی معیار کے جدید ڈیجیٹل لرننگ ماڈیولز تیار کیے جائیں گے، جبکہ خصوصی بچوں کی درسی کتب کو آسان ڈیجیٹل فارمیٹس میں تبدیل کیا جائے گا تاکہ انہیں سیکھنے کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ اساتذہ اور سکول اسٹاف کی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے تربیتی پروگرام بھی متعارف کرائے جائیں گے۔ اس کے علاوہ تعلیمی ویڈیوز کی تیاری کے لیے جدید ترین ان ہاؤس اسٹوڈیو قائم کرنے کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ ڈی جی اسپیشل ایجوکیشن شعیب خان جدون نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے خصوصی بچوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں گے۔



لاہور، طالبات شاکر علی میوزیم اینڈ آرٹ گیلری میں جاری پینٹنگ کی نمائش دیکھ رہی ہیں



نمازوں کے اوقات

نماز فجر	5:30
نماز ظہر	1:45
نماز عصر	4:15
نماز مغرب	غروب آفتاب
نماز عشاء	7:30

شکایت سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایات	99202977
واپڈا شکایات سنٹر	111000118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

کلب اینڈ ہوٹل

پی سی	111-505-505
آواری	111-282-747
کراؤن پلازہ	111-808-111
رائل پام	111-602-602
سن فورٹ	35763813
ہالیڈے ان	36310077
ایمبیسڈر	36316821
لاہور جم خانہ	35756692-2
گریژن کنٹری کلب	36660016
پنجاب کلب	36362138
لاہور پریس کلب	36364792

ایمرجنسی نمبرز

ایدھی کنٹرول	115
پولیس	15
ریلوے پولیس ہیلپ سنٹر	1333
فائر بریگیڈ	16
پی ٹی سی ایل انکوائری	114
ریسکیو فورس	1122
ریلوے انکوائری	117
بم ڈسپوزل	99212111
سروسز ہسپتال	99203402-25
میو ہسپتال	99211100-9
جنرل ہسپتال	35810891-5
فاطمید بلڈ بینک	35863950
جناح ہسپتال	11-809809
پنجاب کارڈیالوجی	99203051-6

دوران ڈکیتی قتل کرنے والے مجرمان کی پھانسی، عمر قید کیخلاف اپیل خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے دوران ڈکیتی شہری کو قتل کرنے کے مقدمے میں مجرم خالد مسیح کی سزائے موت اور فرخ مسیح کی عمر قید کی سزا برقرار رکھتے ہوئے اپیلیں خارج کر دیں۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری اور جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر پر مشتمل دو رکنی بینچ نے اپیلوں پر فیصلہ سنایا۔ ملزمان پر 2018ء میں ڈکیتی کے دوران محمد عرفان کو قتل کرنے کا الزام ثابت ہوا تھا۔ عدالت نے زخمی چشم دید گواہوں کے بیانات کی روشنی میں ملزمان کی سزائیں برقرار رکھیں۔ وکیل صفائی نے ملزم کی بریت کے لیے دلائل دیے، تاہم عدالت کو مطمئن نہ کر سکے۔ تھانہ بھکی، ضلع شیخوپورہ میں ملزمان کے خلاف 3 ستمبر 2018ء کو قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بیوی اور چچی کو آگ لگانے والے مجرم کی سزائے موت برقرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بیوی اور چچی کو آگ لگانے والے قتل کے مجرم اعجاز حسین کی سزائے موت برقرار رکھتے ہوئے اپیل خارج کر دی۔ دو رکنی بینچ نے کیس کا فیصلہ سنایا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری اور جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر پر مشتمل بینچ نے مجرم کی سزائے موت کے خلاف اپیل پر سماعت کی۔ مجرم نے بیوی نورین اختر کے میکے جانے پر اسے اور اپنی چچی پروین اختر کو آگ لگا دی تھی، جس کے نتیجے میں پروین اختر جاں بحق جبکہ نورین اختر زخمی ہو گئی تھیں۔ عدالتی کارروائی کے دوران زخمی بیوی کی گواہی اور چشم دید گواہوں کے بیانات مجرم کے خلاف اہم ثابت ہوئے۔ عدالت نے اپیل مسترد کرتے ہوئے سزائے موت برقرار رکھنے کا فیصلہ سنایا۔

لاہور، جعلی اور ٹیمپرڈ نمبر پلیٹس کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران 10 روز میں 3352 مقدمات درج

لاہور (این این آئی) لاہور میں کلون، جعلی اور ٹیمپرڈ نمبر پلیٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری ہیں، 10 روز کے دوران شہر بھر میں 3352 مقدمات درج کر لیے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق کینٹ ڈویژن میں سب سے زیادہ 884 مقدمات درج ہوئے جبکہ سٹی ڈویژن میں 691، ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 522 اور اقبال ٹاؤن ڈویژن میں 500 مقدمات کا اندراج کیا گیا۔ اسی طرح صدر ڈویژن میں 478 جبکہ سول لائنز ڈویژن میں 278 مقدمات درج کیے گئے۔ حکام کے مطابق سیف سٹی کیمروں کے ذریعے جعلی، کلون اور ٹیمپرڈ نمبر پلیٹس کی خودکار نشاندہی کی جا رہی ہے۔

پاکستان مسلم لیگ پنجاب کا خصوصی اجلاس، بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لینے کا اعلان

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ ہاؤس لاہور میں پاکستان مسلم لیگ پنجاب کا ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت صوبائی صدر ملک سمین خان نے کی۔ اجلاس میں سینئر ایڈوائزر برائے صدر پاکستان مسلم لیگ ایویلیوایشن اینڈ کوآرڈینیشن سابق سینیٹر نیلوفر بختیار نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پارٹی کے دیگر عہدیداروں میں ثمرین تاج ایم پی اے، علی عمران سیکرٹری اطلاعات پاکستان مسلم لیگ پنجاب، عزیزہ سعید نائب صدر پنجاب، میاں وحید احمد صدر لاہور، رانا غلام سرور صدر لائرز ونگ پنجاب، شہزادہ اختر چیمہ صدر لیبر ونگ پنجاب سمیت دیگر عہدیداروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

جان لیوا حادثات پر ڈرائیور کے لائسنس کیساتھ گاڑی کا روٹ پرمٹ بھی معطل ہوگا' سی ٹی او

ہیوی، کمرشل گاڑیاں ٹریفک کے مجموعی حجم کا صرف 4 فیصد، حادثات میں تناسب 44 فیصد ہے' عبدالرحیم شیرازی

لاہور (این این آئی) جان لیوا حادثات کے ذمہ دار ڈرائیورز کے لائسنس کے ساتھ گاڑی کا روٹ پرمٹ بھی معطل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور عبدالرحیم شیرازی کے مطابق ہیوی اور کمرشل گاڑیاں ٹریفک کے مجموعی حجم کا صرف 4 فیصد ہیں تاہم حادثات میں ان کا تناسب 44 فیصد ہے۔ سی ٹی او کے مطابق رواں سال حادثات میں ملوث 117 ڈرائیورز کے لائسنس معطل کیے جا چکے ہیں، جبکہ 97 پبلک سروس گاڑیوں کے روٹ پرمٹس معطل کرنے کے لیے متعلقہ حکام کو لکھ دیا گیا ہے۔ عبدالرحیم شیرازی نے کہا کہ ہر مہلک اور شدید غیر مہلک حادثے پر ڈرائیور کا لائسنس معطل کیا جائے گا۔ روٹ پرمٹ معطل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ متعلقہ گاڑی کوئی دوسرا ڈرائیور بھی نہ چلا سکے۔ مہلک حادثات کے ذمہ دار ڈرائیورز کو قانونی کارروائی کا بھی سامنا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حادثات میں ملوث ڈرائیورز کے لائسنس کی معطلی عدالتی احکامات سے مشروط ہوگی، جبکہ معطل لائسنس کے باوجود دوبارہ ڈرائیونگ کرنے والوں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے گا۔ غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ پر لائسنس کم از کم چھ ماہ سے تین سال تک معطل رہ سکتا ہے۔ سی ٹی او لاہور نے مزید بتایا کہ سموگ کا باعث بننے والی گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لائسنس بھی معطل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔



لاہور، صوبائی دارالحکومت میں غروب آفتاب کا ایک خوبصورت منظر

انسداد سموگ کارروائیاں تیز، پنجاب بھر میں 64 صنعتی یونٹس کی انسپکشن، لاکھوں کے جرمانے عائد

قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے لیے کوئی رعایت نہیں ہوگی' سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں فضائی آلودگی کے ذرائع کی نگرانی اور انسداد سموگ کارروائیاں مسلسل جاری ہیں۔ ڈرون سکواڈ، نائٹ سکواڈ اور ہاک آئی فیلڈ سکواڈ متحرک ہیں، جبکہ خلاف ورزیوں پر فوری کارروائی کی جا رہی ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے بھر میں 64 صنعتی یونٹس کی انسپکشن کی گئی۔ خلاف ورزی پر ایک یونٹ سیل، ایک کو نوٹس جاری اور 2 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف کارروائی کے دوران 117 بھٹوں کی انسپکشن کی گئی، ایک بھٹہ سیل، ایک مقدمہ درج اور ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ غیر معیاری پلاسٹک کے خلاف 33 انسپکشنز کے دوران 26 کلوگرام پلاسٹک بھی ضبط کیا گیا۔ کمرشل کچن اور باربی کیو پوائنٹس پر دھوئیں کی روک تھام کے لیے 15 مقامات کی چیکنگ کی گئی، جبکہ 10 مقامات پر سکشن ہڈز نصب کیے گئے۔ حکام کے مطابق ان ہڈز کی تنصیب کے ساتھ ان کی موثر فعالیت کی نگرانی بھی جاری ہے۔ مریم اورنگزیب کے مطابق پنجاب میں چاول کی فصل کی کٹائی 53 فیصد مکمل ہو چکی ہے، جبکہ مجموعی طور پر 33 لاکھ 57 ہزار 949 ایکڑ رقبے پر فصل کاٹی جا چکی ہے۔ کسانوں کو فصلوں کی باقیات کے بہتر انتظام کے لیے 10 ہزار سپر سیڈرز فراہم کیے جا چکے ہیں۔

کاروباری آسانیوں کیلئے وفاقی، صوبائی اور مقامی قوانین میں ہم آہنگی ناگزیر ہے، مدثر مسعود

ٹیکس نظام میں سادگی، ون ونڈو آپریشنز اور خودکار منظوریوں سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھایا جائے، سینئر رکن پیاف

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنے کے لیے وفاقی، صوبائی اور مقامی سطح پر ضابطہ جاتی اصلاحات میں ہم آہنگی ضروری ہے۔ مختلف اداروں کے قوانین اور طریقہ کار میں عدم مطابقت کے باعث کاروباری لاگت، انتظامی مشکلات اور غیر یقینی صورتحال میں اضافہ ہوتا ہے، صرف وفاقی سطح پر اصلاحات کافی نہیں بلکہ صوبائی اور مقامی قواعد کو بھی قومی ریگولیٹری رجسٹری میں شامل کیا جانا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مختلف محکموں کے ون ونڈو پورٹلز کو مربوط نظام سے منسلک کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ کاروباری اداروں کو بار بار ایک ہی معلومات فراہم نہ کرنا پڑیں۔ ضابطہ جاتی فیصلوں سے قبل متعلقہ صنعتوں اور اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کو یقینی بنایا جائے، خصوصاً ماحولیاتی اور پیکیجنگ سے متعلق پالیسیوں میں شواہد پر مبنی فیصلے کیے جائیں تاکہ سپلائی چین، ری سائیکلنگ اور سرمایہ کاری متاثر نہ ہو۔

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کیلئے حتمی تاریخوں کا فیصلہ نہ ہو سکا

حکومت نے 11،4 یا 18 اپریل کو انتخابات کرانے کی تجویز دیدی، وزارتی کمیٹی (کل) الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کیلئے حتمی تاریخوں کا فیصلہ نہ ہو سکا۔ ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت نے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے کاغذی عمل مکمل کرلیا، پنجاب کی 6 ہزار 637 یونین کونسلز کے ناموں کی منظوری دے دی گئی۔ صوبائی کابینہ نے یونین کونسلز کے ناموں سے متعلق محکمہ بلدیات کی سمری منظور کرلی۔ وزیر بلدیات نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت الیکشن کمیشن کے مجوزہ شیڈول کے تحت الیکشن نہیں کرا سکتی، پنجاب حکومت کی وزارتی کمیٹی کل بروز بدھ 28 اکتوبر کو الیکشن کمیشن آف پاکستان کے سامنے پیش ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت نے بلدیاتی ایکٹ 2025ء کے تحت انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کو تین تاریخیں تجویز کی تھیں، پنجاب حکومت نے 4 اپریل، 11 اپریل یا 18 اپریل کو بلدیاتی انتخابات کرانے کی تجویز دی، نومبر اور دسمبر سموگ کے مہینے ہیں الیکشن کرانا ممکن نہیں۔ صوبائی وزیر بلدیات نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کی حتمی تاریخ کا فیصلہ الیکشن کمیشن کے ساتھ مشاورت کے بعد ہوگا، رمضان المبارک کے بعد الیکشن کرانے کی منصوبہ بندی کر لی ہے۔



لاہور، محنت کش مزدور رزق حلال کی خاطر اینٹیں توڑ کر روڑی تیار کر رہے ہیں

پولیس 6،6 سال تک گواہ پیش نہیں کرتی، پھر کہتے ہیں عدلیہ خراب ہے' چیف جسٹس عالیہ نیلم

عدالت نے سی پی او ملتان، ڈی پی او مظفرگڑھ کو مکمل ریکارڈ سمیت طلب کرلیا

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے جعلی چیک کے مقدمے میں نامزد ملزم غلام دستگیر کی ایف آئی آر سے اخراج کی درخواست پر سماعت کے دوران پولیس کی کارکردگی پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے قرار دیا کہ پولیس 6،6 سال سے گواہ پیش نہیں کرتی، پھر کہتے ہیں عدلیہ خراب ہے کیا کریں، عدلیہ خراب ہے جو بول نہیں سکتی، عدلیہ خراب ہے جو کچھ کر نہیں سکتی، عدالتیں پولیس کو جرمانے کرتی ہیں لیکن ٹھیک پھر نہیں ہوتے، پولیس افسروں کی تنخواہ بند کرتے ہیں لیکن تھوڑی سی تنخواہ بند ہونے سے انہیں کیا فرق پڑتا ہے؟ پولیس عمل نہ کرے تو سینئر افسر کو بلانا پڑتا ہے لیکن عدلیہ خراب ہے۔ عدالت نے سی پی او ملتان اور ڈی پی او مظفرگڑھ کو آج بروز منگل کو مکمل ریکارڈ سمیت طلب کر لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے غلام دستگیر کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ پانچ سال پہلے مقدمہ درج ہوا، نہ ملزم گرفتار ہوا اور نہ ہی اس نے تفتیش جوائن کی



لاہور، موٹر سائیکل سوار شہری کیلے خرید رہا ہے

لاہور: منصوری میں جمعیت طلبہ عربیہ کے زیر اہتمام تحقیقی ورکشاپ

مدارس کو بدلتی دنیا کے مطابق جدید چیلنجز کا ادراک کرنا ہوگا، جاوید قصوری

لاہور (این این آئی) جمعیت طلبہ عربیہ پاکستان کے زیر اہتمام "بدلتی دنیا میں مدارس کا کردار" کے موضوع پر پانچ روزہ تحقیقی ورکشاپ ادارہ معارف اسلامی، منصورہ لاہور میں منعقد ہوئی۔ ورکشاپ میں علماء، طلبہ اور دینی و فکری حلقوں سے وابستہ افراد نے عصر حاضر کے تقاضوں، مدارس کے تعلیمی و فکری کردار اور مسلم معاشرے کو درپیش چیلنجز پر تفصیلی غور کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا کہ مدارس امت مسلمہ کا قیمتی علمی و فکری سرمایہ ہیں۔

لاہور کی نرسریز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ، تین روز میں جامع پلان طلب

لاہور (این این آئی) ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور نے شہر کی نرسریز کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور پودوں و درختوں کی پیداوار بڑھانے کا فیصلہ کرلیا، ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید نے نرسریز کی اپ گریڈیشن کے لیے تین روز میں جامع پلان طلب کرلیا۔ احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت اجلاس میں نرسریز کے منصوبوں کو سالانہ پرفارمنس کنٹریکٹ سے منسلک کرنے، گریڈ 17 کے افسران تعینات کرنے اور انتظامی سہولیات بہتر بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی کے مطابق شہر کی تمام بڑی نرسریز کو اسٹیٹ آف دی آرٹ نرسریز میں تبدیل کیا جائے گا۔

پنجاب کے سکولوں میں 1600 ہیڈ ماسٹرز بھرتی کرنے کی تجویز زیر غور

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے پڑھے لکھے بے روزگار نوجوانوں کے لیے سرکاری سکولوں میں ملازمتوں کے مواقع فراہم کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ ایجوکیٹرز کے بعد اب خالی آسامیوں پر مقررہ ماہانہ تنخواہ کے عوض سکول ہیڈز تعینات کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ مجوزہ منصوبے کے تحت پنجاب بھر کے سکولوں میں 1600 ہیڈ ماسٹرز بھرتی کیے جائیں گے، جنہیں ڈیڑھ لاکھ روپے ماہانہ یکمشت تنخواہ دینے کی تجویز زیر غور ہے۔ مجوزہ بھرتیوں کے لیے پنجاب پبلک سروس کمیشن کے تحت امتحان لیا جائے گا۔ امتحان میں کامیاب امیدواروں کو انٹرویو کے بعد مختلف سکولوں میں تعینات کیا جائے گا۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں منتخب سکول ہیڈز کو دو سال کے کنٹریکٹ پر رکھا جائے گا، جبکہ ان کی کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹ میں توسیع کی جاسکے گی۔

وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کا مری حادثے پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے مری میں بس حادثے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ انہوں نے ڈی پی او مری کو بھاگنے والے ڈرائیور کو جلد گرفتار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ معاملے کی شفاف تحقیقات کر کے رپورٹ پیش کی جائے۔

پنجاب بھر میں 1539 ٹریفک حادثات میں 37 افراد جاں بحق 1822 زخمی

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1539 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 846 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 939 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (80 فیصد) موٹر سائیکل حادثات کی ہے

ملتان میں مبینہ پولیس مقابلے کی شفاف تحقیقات کیلئے ہائیکورٹ سے رجوع

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سی سی ڈی کی ملتان میں مبینہ پولیس مقابلے کی صاف شفاف تحقیقات کروانے کے لیے جلد سماعت کی متفرق درخواست کو جلد لگانے کا حکم دے دیا۔ جسٹس شہرام سرور چوہدری نے جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔ سی سی ڈی کا قیام غیر قانونی اور اسکی قانونی حیثیت پر سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ حال ہی ملتان میں ملزم توقیر کو مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک کیا گیا، آئین ہر شہری کو منصفانہ ٹرائل کا حق دیتا ہے، ملتان واقعے میں سی سی ڈی پولیس مقابلے میں شامل اہلکاروں کو معطل کیا جائے، استدعا ہے کہ عدالت سی سی ڈی کے مبینہ پولیس مقابلے کی شفاف تحقیقات کرنے کا حکم دے۔

سابق آئی جی پنجاب عارف نواز کے خلاف توہین عدالت کی درخواست خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق آئی جی پنجاب کیپٹن (ر) عارف نواز کے خلاف توہین عدالت کی تین سال پرانی درخواست واپس لینے کی بنیاد پر خارج کر دی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے درخواست گزار محمد سلیم کی درخواست پر سماعت کی، جس میں ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل محمد نوید شیخ اور اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر پیش ہوئے۔ درخواست گزار نے ایک کانسٹیبل کے خلاف کارروائی کے لیے ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔ عدالت نے آئی جی پولیس کو زیر التواء درخواست پر قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کا حکم دیا تھا۔ درخواست گزار کا متعلقہ کانسٹیبل کے ساتھ راضی نامہ ہونے پر درخواست نمٹا دی گئی تھی۔

لاہور، ڈرائیور کی گھریلو ملازمہ سے زیادتی کی کوشش، ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) ماڈل ٹاؤن پولیس نے 13 سالہ گھریلو ملازمہ سے مبینہ زیادتی کی کوشش اور دھمکیاں دینے کے الزام میں ملزم مراد کو گرفتار کر لیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق بچی ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں واقع گھر میں کام کرتی تھی۔ گھر کے مالکان کی غیر موجودگی میں ملزم نے بچی سے مبینہ زیادتی کی کوشش کی۔ اسد علی کے مطابق بچی کے شور مچانے پر ملزم موقع سے فرار ہو گیا جبکہ بعد ازاں وہ کسی کو واقعے کے بارے میں بتانے پر بچی کو جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیتا رہا۔ پولیس نے ملزم مراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی کے لیے کیس جینڈر سیل کے حوالے کر دیا ہے۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 29 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 40 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 11 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 11 ہزار 500 کیوسک، خیرآباد پل آمد 26 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 26 ہزار 300 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 7 ہزار کیوسک اور اخراج 16 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 9 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 3 ہزار 400 کیوسک رہا۔



نوجوان صحافی حمزہ بھٹی چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ کے ایسوسی ایٹ ممبر بن گئے

سابق صدر چوہدری فیاض حسن کمبوہ، جنرل سیکرٹری چوہدری شہباز حسین کمبوہ ودیگر کی مبارکباد

چیچہ وطنی (بیورو رپورٹ) نوجوان صحافی اور عوامی محبت کے چیچہ وطنی میں بیورو چیف حمزہ بھٹی چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ کے ایسوسی ایٹ ممبر بن گئے جس پر گروپ لیڈر چیچہ وطنی پریس کلب، سابق صدر چوہدری فیاض حسن کمبوہ، جنرل سیکرٹری چوہدری شہباز حسین کمبوہ، سرپرست محمد سعید اختر رانا، سابق اپوزیشن لیڈر بلدیہ چیچہ وطنی رانا محمد شاہد خان، یاسر الطاف رانا ایڈووکیٹ، انور گو پٹرولیم چوہدری شفقت شفیق، محمد تنزیل درانی، لیاقت خان، وسیم خان، سید سعید احمد قریشی، سمیت دیگر نے انہیں پھولوں کے ہار پہنا کر مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ نوجوان صحافی حمزہ بھٹی چیچہ وطنی پریس کلب کی روایت کو قائم رکھتے ہوئے مثبت صحافت کو فروغ دیں گے اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور مظلوم عوام کی آواز اعلیٰ حکام تک پہنچانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

پنجاب کی 91 تحصیلوں میں الیکٹرک بس سروس کے آغاز کا فیصلہ، 1500 بسوں کی منظوری

جنوری 2027ء سے سروس شروع کرنے کی منصوبہ بندی، جون تک 3 ہزار بسیں آپریشنل کرنیکا ہدف مقرر

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ کو تحصیل کی سطح پر فعال کرنے کا فیصلہ کرلیا، صوبائی کابینہ نے 1500 الیکٹرک بسیں چلانے کی منظوری دے دی۔ منصوبے پر عملدرآمد کی ذمہ داری وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر کو سونپ دی گئی ہے جبکہ پنجاب کی 91 تحصیلوں میں الیکٹرک بس سروس شروع کرنے کے لیے منصوبہ مکمل کیا جائے گا۔ منصوبے کے تحت الیکٹرک بسوں کی فراہمی اور آپریشن کے لیے تحصیل کی سطح پر ڈپو قائم کیے جائیں گے۔ پنجاب میں الیکٹرک بس سروس کا آغاز جنوری 2027ء سے کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے جبکہ جون 2027ء تک صوبے میں 3 ہزار الیکٹرک بسیں آپریشنل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔



لاہور، لنڈا بازار میں دکاندار جرابیں فروخت کرنے کیلئے سجائے بیٹھے ہیں

دفعہ 144 کے نفاذ کیخلاف درخواست، لاہور ہائیکورٹ کی وکیل کو دلائل دینے کی ہدایت

پنجاب میں دفعہ 144 بظاہر ایک سیاسی جماعت کے لیے استعمال کی جارہی ہے' وکیل درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے دفعہ 144 کے نفاذ اور اس کے تحت عائد پابندیوں کے خلاف دائر متفرق درخواست پر درخواست گزار کے وکیل کو دلائل دینے کی ہدایت کر دی۔ جسٹس عبہر گل خان نے شیخ امتیاز محمود اور اعجاز شفیع کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ پنجاب بھر میں دفعہ 144 کو بظاہر ایک سیاسی جماعت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، نظر بندیوں کے ساتھ ساتھ دفعہ 144 کا نفاذ کیا جا رہا ہے۔ عدالت نے درخواست گزار وکیل کو ہدایت کی کہ آپ متفرق درخواست پر بحث کریں۔



سیالکوٹ، بشپ خالد رحمت فتح گڑھ میں منعقدہ کونشن کے بعد فادر ظفر تنویر، فادر برنارڈ، فادر نیامت، اسلم کھوکھر، عامر گل منا اور معروف بزنس مین اسلم کھوکھر و دیگر کا گروپ فوٹو

روحانی بیداری کیلئے اتحاد کی فضا قائم کرنی چاہیے، بشپ خالد رحمت

مسیحی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا کر معاشرے میں امن کو فروغ دیا جائے

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) تقدس مآب بشپ خالد رحمت نے کہا کہ روحانی بیداری کیلئے اتحاد کی فضا قائم کرنی چاہیے کیونکہ محبت امن اور باہمی احترام مسیحیت کا بنیادی پیغام ہیں انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ مسیحی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا کر معاشرے میں امن رواداری اور خدمت انسانیت کو فروغ دیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے فتح گڑھ میں منعقدہ کونشن کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا کونشن میں تقدس مآب بشپ خالد رحمت کی آمد پر مومنین کی جانب سے والہانہ استقبال اور بھرپور محبت و عقیدت کا اظہار تقریب کا نمایاں پہلو رہا کونشن میں فادر ظفر تنویر، فادر برنارڈ، فادر نیامت، اسلم کھوکھر، عامر گل منا صاحبان، سسٹرز اور مومنین کی بڑی تعداد نے شرکت کی معروف بزنس مین اسلم کھوکھر نے کہا کہ مسیحی کونشن روحانی بیداری کے لیے نہایت موثر ثابت ہوتے ہیں فتح گڑھ سیالکوٹ میں منعقدہ کیتھولک کونشن سے مسیحیوں میں روحانی شعور اور مذہبی وابستگی کو فروغ ملا ہے انہوں نے کہا کہ ایسے اجتماعات مسیحی تعلیمات پر عمل کرنے باہمی محبت بڑھانے اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کا جذبہ اجاگر کرتے ہیں

انسداد ڈینگی سرگرمیوں کیلئے اکتوبر و نومبر اہم ترین، کوئی غفلت برداشت نہیں ہوگی' کمشنر لاہور

مثبت لاروا ملنے کی صورت میں قریبی پانچ کے بجائے اب 10 گھروں میں سپرے کرنیکا فیصلہ

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف کی زیر صدارت انسداد ڈینگی اجلاس منعقد ہوا، جس میں یکم جنوری سے 26 اکتوبر تک ڈینگی کی روک تھام کے لیے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مثبت لاروا ملنے کی صورت میں قریبی پانچ کے بجائے اب 10 گھروں میں سپرے کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) علی اعجاز، ڈپٹی کمشنر قصور آصف رضا، ڈپٹی کمشنر ننکانہ رعنا حمید، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ رانا عدیل تصور، ایڈیشنل کمشنر بلال حسن، سی ای او ہیلتھ اتھارٹی لاہور اور ریلوے حکام سمیت ایل ڈبلیو ایم سی، واسا، پی ایچ اے، محکمہ زراعت، ماحولیات اور سیف سٹی کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ یکم جنوری سے اب تک لاہور میں ڈینگی کے 103 جبکہ پورے ڈویژن میں 119 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ لاہور میں ڈینگی لاروا کی روک تھام کے لیے 144 ٹیمیں فیلڈ میں متحرک ہیں

پنجاب حکومت نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی نظر بندی میں مزید توسیع کر دی

لاہور ہائیکورٹ نے ہوم سیکرٹری کی رپورٹ کی روشنی میں بازیابی کیلئے دائر درخواست نمٹادی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی نظر بندی میں مزید توسیع کردی، لاہور ہائیکورٹ نے ہوم سیکرٹری کی رپورٹ کی روشنی میں بازیابی کے لئے دائر درخواست نمٹادی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عبہر گل خان نے شاہ ریز کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت وکیل پنجاب حکومت نے بتایا کہ علیمہ خانم، عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کی نظر بندی میں 30 روزہ مزید توسیع کر دی گئی ہے، تینوں بہنوں کی نظر بندی میں سات اکتوبر تک توسیع کی گئی ہے۔ وکیل درخواست گزار نے استدعا کی کہ تینوں بہنوں کو بازیاب کروا کر عدالت میں پیش کیا جائے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ نظر بندی کا نوٹیفکیشن ڈی سی نے جاری کیا اگر آپ نے اپنی درخواست میں ڈی سی کو فریق نہیں بنایا، وکیل رانا مدثر عمر نے کہا کہ ہمیں علم ہے اس معاملے میں 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترمیم آڑے آئے گی۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آپ کو علم ہونا چاہیے، عدالت آپ کی درخواست سے باہر جا کر کوئی آرڈر نہیں کر سکتی۔



لاہور، ڈرائیور کشتے پر سامان اوور لوڈ کر کے لے جا رہا ہے جو کسی بھی ناخوشگوار حادثے کا سبب بن سکتا ہے

بقیہ 1

وفاع خالد بن سلمان، پاکستان کے آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر اور ترک انٹیلی جنس کے سربراہ ابراہیم قالن شریک ہوئے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ علاقائی سلامتی کے طریقہ کار پر مشاورت اور تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ خطے میں سلامتی کے قیام کے لیے علاقائی ممالک کے درمیان اعتماد اور تعاون ناگزیر ہے، جبکہ پائیدار امن کے لیے مشترکہ کوششیں ضروری ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اجلاس میں خطے کی سلامتی، امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف کارروائیوں کے اثرات اور فلسطین ولبنان کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سے قبل مکہ دفاعی معاہدے میں شامل ممالک کے اعلیٰ حکام نے ایرانی مسعود پزشکیان سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے مسلم ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ اسرائیلی جارحیت اور مشرق وسطیٰ کو تقسیم کرنے کی امریکی حمایت یافتہ کوششوں کے خلاف اپنے علاقائی تعاون کو مزید مضبوط بنائیں۔ صدر پزشکیان نے کہا کہ ایران مسلم ممالک کے درمیان اتحاد، سلامتی اور ترقی کے فروغ میں بھرپور تعاون کرنے کے لیے تیار ہے۔ اس موقع پر انہوں نے غزہ، لبنان، ایران اور خطے کے دیگر حصوں پر ہونے والے اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کی۔ ایرانی صدر نے اپنے ملک کے جوہری پروگرام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے مزید کہا کہ ایران جوہری ہتھیاروں کے حصول کا خواہاں نہیں ہے تاہم وہ جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے کے تحت اپنی پرامن جوہری سرگرمیاں جاری رکھنے کے حق پر پوری طرح قائم ہے۔

بقیہ 2

کی اور تقریب سے خطاب بھی کیا۔ گورنر پنجاب کی جانب سے سو کروڑ مالیت کی دس ایکڑ زمین انڈس ہسپتال کو عطیہ دینے کا اعلان کیا گیا، زمین ضلع اٹک میں انڈس ہسپتال کی تعمیر کے لیے استعمال کی جائے گی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ ضلع اٹک میں انڈس ہسپتال کی تعمیر سے وہاں کے عوام کو بھی صحت کی سہولیات مفت حاصل ہوسکیں گی۔ ضلع اٹک میں انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے تعاون سے سٹیٹ آف دی آرٹ ہسپتال بنایا جارہا ہے۔ غریب عوام کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے لوگ طبی سہولیات سے محروم ہیں ان کی محرومی کو ختم کرنا میرا مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ صحت کا نظام ناگزیر ہے۔ موسمیاتی تبدیلی، سیلاب اور شدید موسمی حالات پاکستان کے صحت کے نظام کے لیے بڑے چیلنج بن چکے ہیں۔ ان چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ماحول دوست اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ طبی نظام تشکیل دینا ہوگا۔ انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کی جانب سے معیاری طبی سہولیات مفت فراہم کرنے کے ماڈل کو سراہتے ہیں، انسانیت کی خدمت قابل تقلید مثال ہے۔ طبی تحقیق، آفات سے نمٹنے کے موثر طریق کار اور طبی رہنما اصولوں کو صحت کی پالیسیوں کا حصہ بنایا جائے۔ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے عوام، بالخصوص کمزور طبقات، کو محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے۔

بقیہ 3

سمندری ماحولیاتی نظام کے صحت مند ہونے کی علامت ہے۔ ڈبلیو ڈبلیو ایف کے تکنیکی مشیر معظم خان نے بتایا کہ ڈولفنز کی بڑی تعداد میں موجودگی ساحلی حیات اور سمندری غذائی زنجیر میں بہتری کی نشاندہی کرتی ہے۔ معظم خان کے مطابق پاکستان میں اب تک ڈولفنز کی 26 اقسام ریکارڈ کی جاچکی ہیں۔

بقیہ 4

، خضدار، پشین، ژوب، مچھ، قلات، سبی اور بلوچستان کے دیگر اضلاع کے وکلاء شامل تھے۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی نے بلوچستان کے وکلاء کا خیرمقدم کیا اور پیشہ ورانہ تربیت کے لیے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وکلاء کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے مسلسل قانونی تعلیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے، تاہم وکلاء پیشہ ورانہ مہارت میں اضافے کے لیے مسلسل علم حاصل کریں اور اعلیٰ اخلاقی معیارات کی پاسداری کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ تربیت کے دوران حاصل کردہ علم کو موثر قانونی پریکٹس میں بروئے کار لایا جائے، تربیتی پروگرام کے شرکاء فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی اور پاکستان کی عدلیہ کے سفیر ہیں، تربیت حاصل کرنے والے وکلاء اپنا علم اور تجربہ دیگر وکلاء تک منتقل کریں۔ چیف جسٹس آف پاکستان نے کہا کہ وکلاء نظام انصاف پر عوامی اعتماد مضبوط بنانے میں اپنا موثر کردار ادا کریں، چیف جسٹس آف پاکستان نے وفد کو ملک بھر میں عدالتی انفراسٹرکچر کی بہتری کے اقدامات سے آگاہ کیا، انصاف تک رسائی ترقیاتی فنڈ کے تحت ملک بھر کے عدالتی کمپلیکسز اور بار رومز میں بنیادی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

بقیہ 5

نے شرکت کی ہے۔ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان ذرائع ابلاغ کے تعاون کو فروغ دینا، معلومات کے تبادلے کو بہتر بنانا اور غلط خبروں و گمراہ کن معلومات کی روک تھام کے لیے مشترکہ کوششیں کرنا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ یہ کوریڈور پاکستان اور چین کے عوام کے درمیان رابطے کا پل ثابت ہوگا اور میڈیا، معلومات کے تبادلے اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے دونوں ممالک کے عوام کو ایک دوسرے کے مزید قریب لانے میں مدد دے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ پاک چین دوستی ہر آزمائش میں مضبوط بن کر ابھری ہے اور دونوں ممالک کے درمیان آہنی بھائی چارہ دوستی کی ایک منفرد مثال ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا اس موقع پر کہنا تھا کہ اس دوستی کو ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے مزید مضبوط بنانا ہے، سی پیک نے توانائی منصوبوں کے ذریعے ترقی کی نئی راہیں کھولی ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاک چین سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونا دوستی کے تاریخی سفر کا اہم سنگ میل ہے، پاک چین دوستی ہر آزمائش میں مزید مضبوط ہو کر ابھری ہے، پاک چین دوستی آہنی بھائی چارے کی منفرد مثال ہے۔ عطا تارڑ نے کہا کہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور دونوں ممالک کے عوام کے دل، دماغ جوڑنے کا پل بنے گا، سی پیک پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی، انفارمیشن کوریڈور سچائی کا کوریڈور ہے۔ چینی سفیر جیانگ زیڈونگ نے چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کے آغاز پر مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے دونوں ممالک کے درمیان معلومات کے تبادلے اور ایک دوسرے کی ثقافت و روایات کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ یہ منصوبہ دونوں ممالک کے خلاف گمراہ کن معلومات کا مقابلہ کرنے اور عوام کے درمیان فاصلے کم کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ 6

مرکزی رہنماؤں اور ایم پی ایز میں اختلاف رائے ہے۔ چند اہم مرکزی رہنماؤں کی خواہش ہے کہ یونیریا ہزارہ سے کسی کو وزیراعلیٰ بنایا جائے جبکہ 30 سے زیادہ اراکین اسمبلی علی امین گنڈاپور کو دوبارہ وزیراعلیٰ بنانے کے لیے سرگرم ہیں۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی سے مشاورت نہ ہونے کی صورت میں نئے وزیراعلیٰ کا انتخاب عارضی ہوگا، جب تک بانی سے ملاقات نہیں ہوتی، پارلیمانی پارٹی کا منتخب کردہ شخص ہی وزیراعلیٰ رہے گا، پی ٹی آئی کے بیشتر اراکین نے اس سے متعلق الگ واٹس ایپ گروپ بھی بنایا ہے۔ ترجمان پی ٹی آئی خیبرپختونخوا شوکت یوسفزئی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا کے نئے وزیراعلیٰ سے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی نااہل ہوئے تو پارٹی قیادت مشاورت سے نئے وزیراعلیٰ کا فیصلہ کرے گی، صوبے کی نمائندگی کرنے کے لیے علی امین گنڈاپور کا نام پارلیمانی پارٹی نے پیش کیا تھا، شوکت یوسفزئی نے کہا کہ اراکین اسمبلی نے واٹس گروپ آپس میں رابطے بحال رکھنے کے لیے بنایا ہے، پی ٹی آئی میں کوئی گروپ بندی نہیں۔

بقیہ 7

کے قتل کے کیس میں ملزم کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ نے ٹرائل کورٹ اور ہائی کورٹ کے فیصلے کالعدم قرار دے دیے اور کہا کہ ملزم منور حسین کسی اور مقدمے میں مطلوب نہ ہو تو اسے رہا کر دیا جائے۔ مقتولہ صائمہ بی بی کو 2016 میں فیصل آباد کے ایک گاؤں میں قتل کیا گیا تھا جس کے بعد ٹرائل کورٹ نے ملزم کو عمر قید کی سزا سنائی تھی اور یہ سزا ہائی کورٹ نے بھی برقرار رکھی تھی۔ سپریم کورٹ نے بتایا کہ ایف آئی آر کے مطابق 1 ملزم تھا جبکہ وقوعے کے 3 عینی گواہ تھے، خاتون کو چارپائی سے باندھنے کا دعوی کیا گیا مگر میڈیکل رپورٹ میں نشانات کا ذکر نہیں۔ جسٹس ملک شہزاد احمد نے سوال کیا کہ گواہوں نے مقتولہ کو بچانے کی کوشش کیوں نہیں کی؟ جسٹس شکیل احمد نے استفسار کیا کہ دوپٹہ فرانزک تجزیے کے لیے کیوں نہیں بھجوایا گیا؟ عدالت نے کہا کہ پوسٹ مارٹم کی رپورٹ اور عینی گواہوں کے بیانات میں بھی تضاد پایا گیا، مدعی نے پوسٹ مارٹم کی رپورٹ کو چیلنج نہیں کیا۔

بقیہ 8

پولیس نے درج کر لیا۔ خاتون نے الزام عائد کیا کہ سسرال والے گھروں میں کام کرنے پر مجبور کرتے تھے، 25 اکتوبر کو ساس، سسر اور دیور نے مبینہ طور پر تشدد کیا۔ متاثرہ خاتون کے مطابق تشدد کے دوران میرے سر کے بال کاٹ دیئے گئے، شوہر کو آگاہ کرنے پر اس نے بھی تشدد کیا اور کمرے میں بند کر دیا۔ تھانہ چکلالہ پولیس نے خاتون کے شوہر، ساس اور سسر کو حراست میں لے لیا ہے۔

بقیہ 9

روشنائی گیٹ پریسبیٹیرین چرچ کی بحالی کے بعد افتتاح کر دیا۔ یہ چرچ 1908ء میں ریورنڈ جی ایل ٹھاکر داس نے قائم کیا تھا۔ ایک صدی سے زائد عرصے سے یہ مسیحی برادری کے لیے عبادت گاہ کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہے اور لاہور کے متنوع ثقافتی و مذہبی ورثے کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ اندرون شہر میں مقیم مسیحی برادری کے لیے واحد تصدیق شدہ چرچ ہے۔ چرچ کے بیرونی حصے کی بحالی پنجاب والڈ سٹی اینڈ ہیریٹیج ایریاز اتھارٹی کے پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ اور فرانسیسی ترقیاتی ادارے کے مالی تعاون سے جاری ہیریٹیج اینڈ اربن ری جنریشن لاہور کے منصوبے کے پیکیج اے کے تحت کی گئی۔ اس منصوبے کا مقصد ٹیکسالی کے علاقے کی بحالی ہے۔

بقیہ 10

ویٹو پاور کی توسیع کی مخالفت کرتے ہوئے جامع، جمہوری اور منصفانہ اصلاحات پر زور دیا ہے۔ عالمی میڈیا کے مطابق پاکستانی مستقل مشن کے قونصلر گل قیصر سروانی نے کہا کہ نئے مستقل ارکان کی شمولیت اور ویٹو کے استحقاق میں توسیع کی مخالفت کرتے ہیں، ویٹو پاور میں توسیع سے سلامتی کونسل میں عدم مساوات مزید گہری ہوگی۔ گل قیصر سروانی نے کہا کہ پاکستان ویٹو پاور کے خاتمے یا اس کے استعمال پر سخت پابندیاں عائد کرنے کا حامی ہے، ویٹو پاور کا ناجائز استعمال اقوام متحدہ کی ساکھ کو نقصان پہنچاتا ہے۔ پاکستان نے ویٹو کے استعمال کے بعد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں بحث کے انعقاد کی حمایت کا اعادہ بھی کیا۔ پاکستانی قونصلر نے زور دیا ہے کہ سلامتی کونسل میں منتخب ارکان کی تعداد، نمائندگی اور کردار بڑھایا جائے، سلامتی کونسل میں اصلاحات کے پانچوں نکات پر جامع پیکج کے تحت بیک وقت فیصلے کیے جائیں۔ گل قیصر سروانی نے کہا ہے کہ اصلاحات سب کے لیے ہونی چاہئیں اور کسی کو خصوصی مراعات نہیں ملنی چاہئیں۔

بقیہ 11

جاری پائلٹ پروجیکٹ کے سلسلے میں پہلی کوآرڈینیشن میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں نادرا، ضلعی انتظامیہ، انفارمیشن آفس، لوکل گورنمنٹ، محکمہ تعلیم، محکمہ صحت، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، سوشل ویلفیئر، محکمہ اطلاعات، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع قصور میں شناختی کارڈ سے محروم اہل خواتین کی نشاندہی، معلومات کے اندراج، دستاویزی رکاوٹوں کے ازالے اور شناختی کارڈ کے حصول کے لیے سہولت کاری کو یقینی بنانے کی غرض سے پائلٹ پروجیکٹ کے عملی طریقہ کار، ٹائم لائن اور متعلقہ محکموں کی ذمہ داریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے منصوبے پر مقررہ معیاری طریقہ کار کے مطابق عمل درآمد، باہمی رابطہ کاری اور موثر نگرانی کے لیے مشترکہ لائحہ عمل پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر قصور خالد رشید نے کہا کہ خواتین کو قومی شناختی کارڈ کی سہولت فراہم کرنا ان کی قومی، سماجی اور جمہوری شمولیت کے لیے نہایت اہم ہے۔ شناختی کارڈ نہ ہونے کے باعث خواتین کو مختلف سرکاری خدمات، قانونی شناخت اور انتخابی عمل میں شرکت کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس پائلٹ پروجیکٹ کا بنیادی مقصد ایسی اہل خواتین کی نشاندہی کرنا اور انہیں شناختی کارڈ کے حصول کے لیے ضروری معلومات، رہنمائی اور سہولت فراہم کرنا ہے تاکہ کوئی بھی مستحق خاتون محض معلومات کی کمی یا دستاویزی رکاوٹوں کے باعث رجسٹریشن کے عمل سے محروم نہ رہے۔ خالد رشید نے متعلقہ محکموں کے افسران اور نمائندگان کو ہدایت کی کہ وہ اس منصوبے کو ایک مشترکہ قومی ذمہ داری سمجھتے ہوئے اپنے فیلڈ نیٹ ورک، نامزد فوکل پرسنز اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ گھر گھر سروے کے دوران اہل اور غیر رجسٹرڈ خواتین کی درست نشاندہی، معلومات کی تصدیق، ریکارڈ کی تکمیل اور درپیش مسائل کی بروقت نشاندہی کو یقینی بنایا جائے، جبکہ خواتین کو شناختی کارڈ کے حصول کے طریقہ کار سے متعلق مکمل رہنمائی فراہم کی جائے۔ اجلاس میں طے پایا کہ 30 اکتوبر 2026ء کو فیلڈ انیومریٹرز کی تربیت اور اورینٹیشن مکمل کی جائے گی جبکہ یکم نومبر 2026ء سے پائلٹ پروجیکٹ کا باقاعدہ آغاز ہوگا۔ نومبر کے دوران گھر گھر سروے کے ذریعے شناختی کارڈ سے محروم اہل خواتین کی نشاندہی، معلومات کے اندراج اور رجسٹریشن میں حائل دستاویزی یا دیگر رکاوٹوں کی نشاندہی پر توجہ دی جائے گی۔ منصوبے کے اگلے مرحلے میں دسمبر 2026ء سے فروری 2027ء تک شناخت شدہ خواتین کو متعلقہ سہولت مراکز کے ذریعے نادرا اور دیگر متعلقہ اداروں کے تعاون سے شناختی کارڈ کی رجسٹریشن کے عمل میں سہولت فراہم کی جائے گی۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر قصور نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے اپنے فوکل پرسنز نامزد کرکے فیلڈ اسٹاف اور دستیاب وسائل کی فراہمی یقینی بنائیں جبکہ اپنے اپنے دائرہ کار میں اہل خواتین کی حوصلہ افزائی اور آگاہی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ خاندانوں اور مقامی کمیونٹیز کے ذریعے بھی ایسی خواتین تک رسائی حاصل کی جائے جو تاحال قومی شناختی کارڈ سے محروم ہیں، تاکہ انہیں رجسٹریشن کے عمل میں شامل ہونے کی ترغیب دی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی الیکشن کمشنر آفس تمام متعلقہ محکموں کے ساتھ مسلسل رابطہ کاری، پیش رفت کی نگرانی اور رپورٹنگ کے عمل کو یقینی بنائے گا، جبکہ منصوبے کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے درپیش مسائل کو باہمی مشاورت سے حل کیا جائے گا۔ پائلٹ پروجیکٹ کا بنیادی مقصد ضلع قصور میں شناختی کارڈ سے محروم اہل خواتین کو ان کی دہلیز پر معلومات، رہنمائی اور سہولت فراہم کرنا، انہیں قومی شناختی نظام میں شامل کرنے کے عمل کو موثر بنانا اور تمام متعلقہ اداروں کے باہمی تعاون سے شناختی کارڈ رجسٹریشن کے مقررہ اہداف کا حصول یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 12

بچوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا عالمی برادری جموں وکشمیر تنازع کے حل کیلئے کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن کشمیریوں کی جدوجہد کے حوالے سے ہماری بھرپور تائید کا اعادہ ہے، کشمیری تنازعات، پابندیوں اور بنیادی حقوق سے محرومی کا سامنا کر رہے ہیں، پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا 27 اکتوبر جموں وکشمیر کی تاریخ کے المناک باب کی یاد دلاتا ہے، 79 برس گزرنے کے باوجود کشمیری عوام حق خودارادیت سے محروم ہیں۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ کشمیری عوام کی جرات اور ثابت قدمی ان کی جدوجہد کا روشن ثبوت ہے، مسئلہ کشمیر کا حل سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہئے، مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 13

نے پیش کی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر سید غلام مصطفی شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا، ایم کیو ایم پاکستان کے رکن سید امین الحق نے کراچی میں جاری بدترین لوڈشیڈنگ پر ایوان میں توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک کا شمار ان کمپنیوں میں ہوتا جسے عوام میں نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، کے الیکٹرک ایک مافیا کے طور پر کام کر رہا ہے۔ امین الحق نے کہا کہ کے الیکٹرک اور بجلی کر کے اربوں روپے کما رہی ہے، اتنا کمانے کے بعد کراچی کی جنریشن کے لیے کتنا کیا ہے؟ رات کو بھی لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے، کے الیکٹرک کراچی کیلئے کیا کر رہی ہے؟ پارلیمانی سیکرٹری عامر طلال خان نے توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب میں کہا کہ یہ لوڈشیڈنگ مجبوراً کرنی پڑتی ہے، بعض دفعہ یہ ہوتا ہے کہ کوئی مرمتی کام ہوتا ہے تو اس وجہ سے شاید اضافہ ہوتا ہے، پیرا اول کے مطابق رات کے اوقات میں لوڈشیڈنگ نہیں ہونی چاہئے، ایسا کچھ ہے تو اس کو ہم ضرور دیکھیں گے۔ انڈسٹریل فیڈرز پر کسی قسم کی لوڈشیڈنگ نہیں ہے۔ ڈپٹی اسپیکر نے معاملہ توانائی کی قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا۔ اس کے علاوہ وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بھارت تقریباً گزشتہ 80 سال سے کشمیری عوام پر ظلم کر رہا ہے، ہزاروں افراد کو اب تک شہید کیا جا چکا ہے، تقریباً 7 ہزار کشمیریوں کو جیل میں شہید کیا گیا، کشمیری اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں اور ایک انچ پیچھے نہیں ہٹے۔ امیر مقام نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کر رکھا ہے، آج اسلام آباد میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کی تقریب میں ہزاروں کی تعداد میں سول سوسائٹی اور طلباء نے شرکت کی۔ پی ٹی آئی کی رکن شاندانہ گلزار نے انسداد زنا بالجبر تفتیش اور سماعت مقدمہ بل 2024 منظوری کے لیے قومی اسمبلی میں پیش کیا۔ وزیر قانون نے بل کی مخالفت کردی اور کہا کہ کیپٹل پولیس بیورو میں نظام پہلے سے موجود ہے، زنا بالجبر سے متعلق تمام کیسز کا ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم موجود ہے، بل کو مزید غور و خوض کیلئے قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔

بقیہ 14

نظام سخت کرنے کا فیصلہ کرلیا، سٹیل مینوفیکچررز کو 30 دسمبر 2026 تک جدید مانیٹرنگ سسٹم نصب اور فعال کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ ایف بی آر کے مطابق سٹیل سیکٹر میں ٹیکس چوری روکنے اور پیداواری و ترسیلی اعداد و شمار میں شفافیت یقینی بنانے کے لیے سٹیل مینوفیکچررز کو مانیٹرنگ سسٹم نصب کرنا ہوگا، اس اقدام کا مقصد پیداوار اور فروخت کے ریکارڈ میں ممکنہ فرق کی نشاندہی کرنا ہے۔ ہدایت کے تحت سٹیل پگھلانے والے یونٹس، ری رولرز اور مشترکہ صنعتی اداروں کے لیے پیداواری نگرانی کا نظام نصب کرنا اور اسے فعال رکھنا لازمی ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق نئے نظام کے تحت سٹیل کی پیداوار، وزن، تعداد اور ترسیل کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے گا، تیار ہونے والی اسٹیل مصنوعات کی پیمائش اور تعداد کی نگرانی بھی اسی نظام کے ذریعے کی جائے گی۔ اس کے علاوہ اسٹیل مصنوعات کی نقل و حمل کے لیے استعمال ہونے والی گاڑیوں کے رجسٹریشن نمبرز، مجموعی وزن اور خالص وزن کا ریکارڈ رکھنا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ایف بی آر کا کہنا ہے کہ جدید مانیٹرنگ سسٹم کے ذریعے اسٹیل کی پیداوار اور ترسیل کے اعداد و شمار کا موازنہ کیا جاسکے گا جس سے ریکارڈ میں تضادات اور ممکنہ ٹیکس چوری کی نشاندہی میں مدد ملے گی۔ ادارے نے سٹیل مینوفیکچررز کو ہدایت کی کہ مانیٹرنگ کے لیے درکار آلات اور سافٹ ویئر ایف بی آر کے منظور شدہ فراہم کنندگان سے حاصل کیے جائیں، مطلوبہ نگرانی اور ترسیل کا ریکارڈ مرتب کیے بغیر سٹیل مصنوعات کو صنعتی یونٹ سے باہر بھیجنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ایف بی آر کے مطابق مقررہ تاریخ تک مانیٹرنگ سسٹم نصب نہ کرنے، قواعد کی خلاف ورزی کرنے یا پیداوار چھپانے کی صورت میں متعلقہ صنعتی اداروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔ اس اقدام کو سٹیل سیکٹر میں ٹیکس وصولیوں کو بہتر بنانے، سیلز ٹیکس چوری کی روک تھام اور صنعتی پیداوار کے ریکارڈ کو زیادہ شفاف بنانے کی کوشش قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 15

کہا کہ کوئی امیر زادہ یا اثر رسوخ رکھنے والا عوام پر ہاتھ اٹھائے گا تو قانون اسکو نہیں چھوڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں کو تکلیف پہنچانے والوں کو میرا پیغام ہے کہ جرم کی دنیا چھوڑ دو ورنہ مجھ سے کوئی شکوہ نہ کرنا۔ لوگ عدالت سے ضمانت لیکر آجاتے ہیں، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے ملوں گی کہ کم از کم مجرم کو اتنی سزا تو دیں کہ کل وہ باہر نکلے تو شرمندگی محسوس کرے، پیٹرول پمپ پر تشدد کرنے والے ملزم کو اگلے ہی دن عدالت سے ضمانت مل گئی تھی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ کی تقسیم میں کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کسی کو میرٹ کیخلاف کوئی چیز ملی ہو، پنجاب میں ہر تالا ایک ہی چابی سے کھلتا ہے جس کا نام ہے سو فیصد میرٹ، کوئی مجرم چاہے میری جماعت سے ہی کیوں نہ ہو اسکو نہیں چھوڑوں گی۔ پنجاب اب مظلوم کے ساتھ کھڑا ہوتا ہے، امن و امان کی صورتحال پر بچیوں کو حوصلہ ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملتان میں یتیم بچے کو کار سے کچلنے کا واقعہ میری آنکھوں سے نہیں جاتا، بائیک سوار خاتون پر تشدد کے معاملے پر بچی کا جملہ چھوتا اس نے انہیں مارے تم بھی انہیں ہی مارو، پیٹرول پمپ والے واقعے میں بھی ایسا ہی کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ بچوں کو لیپ ٹاپ، الیکٹرک بس، کروم بک اور اسکالرشپ سب دیں گے، میرا بس نہیں چلتا کہ بچوں کو چاند اور ستارے لاکر دے دوں بدلے میں مجھے صرف ایک چیز چاہئے کہ آپ پاکستان سے وفا کریں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ضلع منڈی بہاؤالدین میں کالجز اور جامعات کے طلبہ و طالبات میں ہونہار اسکالرشپ کے چیک اور لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا منڈی بہاؤالدین پہنچنے پر جگہ جگہ شاندار استقبال کیا گیا، شہریوں نے مریم نواز کی گاڑی پر پھول نچھاور کیے اور خوشی سے ناچتے رہے۔

بقیہ 16

غور کیا جارہا ہے کیونکہ صاحب حیثیت افراد سولر سسٹم لگا کر اپنے بجلی کے یونٹ 200 سے کم کر لیتے ہیں اور رعایت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے ٹیرف سلیب کا تعین ضروری ہے تاکہ مستقبل میں یہ مسئلہ ختم ہو، 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے صارفین کی تعداد 2 کروڑ تک پہنچ گئی، 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والوں میں زیادہ تر صارفین سستی توانائی استعمال کرتے ہیں۔ اویس لغاری نے کہا کہ حکومت یونٹس کے بجائے غربت کی بنیاد پر بجلی صارفین کو ریلیف دینے کے نظام پر کام کر رہی ہے، غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والوں کو ریلیف دینے کے لیے منصوبے پر کام جاری ہے۔ انہوں نے اجلاس کو بتایا کہ توانائی کے شعبے کا گردشی قرضہ کم ہو کر 1670 ارب روپے رہ گیا ہے اور آئندہ چار سال کے دوران گردشی قرضے ختم کرنے کا ہدف ہے، آئندہ چار سال میں گردشی قرضوں پر ڈیٹ سروس سرچارج بھی ختم ہو جائے گا۔ اویس لغاری نے کہا کہ حکومت کے قیام کے وقت وزارت توانائی کو 1180 ارب روپے بجٹ سپورٹ ملتی تھی جبکہ وزارت توانائی کی بجٹ سپورٹ رواں سال کم ہو کر 700 ارب روپے رہ گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈسکوز کے نقصانات میں ہر سال کمی کی گئی ہے، ڈسکوز کے نقصانات میں کمی کا فائدہ ابھی تک صارفین کو نہیں پہنچ سکا۔

بقیہ 17

کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق کارروائی کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، جو کھانا پکانے کے اوقات میں مختلف علاقوں میں آپریشن کریں گی۔ کریک ڈاؤن کے دوران کمپریسر استعمال کرتے ہوئے پکڑے جانے والے صارفین کے گیس کنکشن منقطع کر دیئے جائیں گے اور انہیں 7 روز تک بحال نہیں کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سات روز بعد صارفین سے حلف نامہ لینے کے بعد کنکشن بحال کیا جائے گا تاہم دوبارہ کمپریسر استعمال کرنے کی صورت میں 3 ماہ کے لیے گیس کنکشن منقطع کر دیا جائے گا۔ سوئی ناردرن گیس کمپنی کے مطابق کمپریسر کا استعمال پورے علاقے میں گیس پریشر متاثر کرتا ہے، اس لیے اس غیر قانونی عمل کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 18

، تمام سرکاری سکولوں کے ڈیٹا کی 100 فیصد چیک اور تصدیق لازمی قرار دے دی گئی ہے۔ ہدایت کے مطابق سکولوں میں طلبہ کے داخلوں اور ذاتی کوائف کا ریکارڈ مکمل طور پر درست کیا جائے جبکہ ایس آئی ایس ڈیٹا سے جعلی اور ڈپلیکیٹ طلبہ کے اندراجات ختم کیے جائیں۔ سکولوں کے تدریسی اور غیر تدریسی عملے کا ڈیٹا درست کرنے کے ساتھ خطرناک عمارتوں کی مکمل اور جزوی تفصیلات بھی اپ ڈیٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ تمام سکولوں کے کلاس رومز، چار دیواری اور دیگر دستیاب سہولیات کا ریکارڈ درست کرنے، جبکہ جماعتوں، سیکشنز اور طلبہ کی تقسیم سے متعلق ڈیٹا بھی مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ تمام ایجوکیشن اتھارٹیز کو سکولوں کا باقی ماندہ ایس آئی ایس ڈیٹا مکمل کرنے اور طلبہ، اساتذہ، عمارتوں اور سہولیات کا ریکارڈ درست بنانے کیلئے ہنگامی اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔ سی ای اوز ایجوکیشن سمیت ایجوکیشن اتھارٹیز کے سربراہان سے مقررہ مدت میں ڈیٹا کی چیکنگ اور تصدیق مکمل کرنے کے بعد درست ریکارڈ پر مبنی رپورٹ بھی طلب کرلی گئی ہے۔

بقیہ 19

پارلیمانی میٹنگ معمول کا اجلاس ہے، اس میٹنگ کو غیر ضروری طور پر سنجیدہ بنایا جارہا ہے۔ چیئرمین تحریک انصاف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو فیملی سے ملاقات کی اجازت نہ دینا غیر انسانی سلوک ہے۔

بقیہ 20

لیے ایک تاریخی اقدام کے تحت نارووال کے 24 سے زائد اسکولوں میں ہاکی کا سامان (ہاکی کٹس) تقسیم کرنے کی پروقار تقریب نارووال سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال، پی ایچ ایف صدر محی الدین احمد وانی سمیت پاکستان ہاکی کے نمائندگان اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے اعلیٰ افسران، تمام متعلقہ اسکولوں کے اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی۔ تقریب میں نارووال کے 24 سے زائد رجسٹرڈ اسکولوں کو جدید ہاکی کٹس اور سامان فراہم کیا گیا۔ اس اقدام کے بنیادی مقصد اسکول کے بچوں کو کھیل کے لیے بنیادی اور معیاری سامان مہیا کرنا، گراس روٹ لیول پر فروغ اور تعلیمی اداروں کے ذریعے ہاکی کو نچلی سطح پر مستحکم کرنا اور اسکولوں سے ابھرتے ہوئے نئے کھلاڑیوں کو سامنے لانا اور ان کی تربیت کرنا ہے۔ قومی کھیل کی بحالی و ملک میں ہاکی کے پرانے دور کو واپس لانا، محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جانب سے تمام رجسٹرڈ اسکولوں کے نمائندگان اور طلباء نے تقریب میں شرکت کرکے ہاکی کٹس وصول کیں۔

بقیہ 21

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق بچوں کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بچوں کی حفاظت حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ بچوں کیلئے نفسیاتی معاونت، قانونی مدد اور خاندانوں سے ملاپ کے عمل کو مزید تیز اور مربوط بنایا جائے۔ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے فیلڈ آپریشنز، ہیلپ لائن، شکایات کے ازالے اور کیس مینجمنٹ نظام کو مزید فعال بنایا جائے۔ اجلاس میں بچوں کے تحفظ سے متعلق قوانین پر موثر عملدرآمد، عوامی آگاہی مہم اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مشترکہ کارروائیوں کو بھی وسعت دینے پر زور دیا گیا۔ بچوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے ضلعی سطح پر نگرانی کا نظام مضبوط، بیورو کے مراکز میں سہولیات بہتر اور عملے کی استعداد کار میں اضافہ کیا جائے۔ اجلاس میں متعلقہ افسران کو آئندہ اقدامات کیلئے واضح اہداف مقرر کرنے، پیش رفت کی باقاعدگی سے رپورٹ پیش کرنے اور زیر التوا کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کی ہدایت کی گئی۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور متعلقہ اداروں کے باہمی تعاون سے بچوں کیلئے محفوظ، باوقار اور بہتر مستقبل کی خاطر عملی اقدامات جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 22

سماعت کے دوران ایڈیشنل سیکرٹری الیکشن کمیشن ظفر اقبال نے بتایا کہ صوبے کے 23 اضلاع میں حلقہ بندیاں مکمل ہو چکی ہیں جہاں کمیشن اپنے حکم کے ذریعے بلدیاتی انتخابات کروا سکتا ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ باقی 16 اضلاع میں حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کیا جائے اور جہاں حلقہ بندیاں مکمل ہیں، وہاں انتخابات کے انعقاد کا فیصلہ کیا جائے۔ سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ جہاں حلقہ بندیاں مکمل ہو چکی ہیں، وہاں انتخابات کروائے جاسکتے ہیں، خیبر پختونخوا اسمبلی نے قانون میں ترمیم کرکے انتخابی حلقوں میں آبادی کی حد بڑھا دی ہے جس سے حلقہ بندیوں کے عمل میں پیچیدگیاں پیدا ہوئیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ ایمرجنسی کے نفاذ کے باوجود انتخابات کے انعقاد میں رکاوٹ کیوں ہونی چاہیے؟ جبکہ دنیا میں جنگوں اور ایمرجنسی کے دوران بھی انتخابات ہوتے رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا کے مشیر قانون عامر جاوید نے موقف اختیار کیا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال انتخابات کے انعقاد میں بڑی رکاوٹ ہے اور پورے صوبے میں ایمرجنسی نافذ ہے، صوبے کے 36 اضلاع میں سے 12 میں آئین کے آرٹیکل 140 اے کا اطلاق نہیں ہوسکتا اور وہاں بلدیاتی نظام قابل اطلاق نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان 12 اضلاع میں سے 6 میں حلقہ بندیاں نہیں ہوئیں جبکہ باقی 24 اضلاع میں سے 16 میں حلقہ بندیاں مکمل ہو چکی ہیں، صوبائی اسمبلی نے نئی بل کے ذریعے قانون میں ترمیم کی جس کے بعد موجودہ قانون میں ابہام پیدا ہو گیا ہے۔ مشیر قانون کے مطابق صوبائی حکومت اب قانون میں مزید ترمیم نہیں کر سکتی اور ہر ترمیم قومی اسمبلی کو بھیجنا ہو گی۔ انہوں نے امن وامان کی صورتحال کو بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں بنیادی مسئلہ قرار دیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے استفسار کیا کہ کیا ایمرجنسی کے نفاذ سے انتخابات نہیں ہوسکتے؟ اگر معمول کی ایمرجنسی سے انتخابات پر فرق نہیں پڑتا تو وہاں پولنگ کروائی جاسکتی ہے۔ اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن ارشد خان نے کہا کہ جہاں ایمرجنسی نافذ ہے، وہاں امن وامان کا مسئلہ ہے، ایسے اضلاع میں لوگ ووٹ ڈالنے کیسے آئیں گے اور پولنگ کے عملے کی سیکیورٹی کیسے یقینی بنائی جائے گی؟ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ قانون میں یونین کونسلوں کی تعداد بھی مقرر ہے اور آبادی کی حد بھی بڑھا دی گئی ہے، اگر ان دونوں قانونی تقاضوں پر عمل ممکن نہیں تو الیکشن کمیشن کیا کر سکتا ہے؟ اس پر اسپیشل سیکرٹری نے کہا کہ کمیشن کے پاس اس مسئلے کو حل کرنے کا اختیار ہے جس پر چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن اس معاملے کو حل کر سکتا ہے۔ سکندر سلطان راجہ نے کہا کہ صوبائی حکومت اور موجودہ سیاسی نظام بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں دلچسپی نہیں رکھتے، عوام سمجھتے ہیں کہ الیکشن کمیشن انتخابات نہیں کروانا چاہتا حالانکہ سیاسی جماعتیں بلدیاتی انتخابات نہیں کروانا چاہتیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں بھی وفاقی حکومت بلدیاتی انتخابات نہیں کروانا چاہتی تھی، الیکشن کمیشن نے وہاں انتخابات کا اعلان کر دیا۔ دیگر صوبوں میں بھی اسی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں، اگر قومی اسمبلی قانون میں دوبارہ ترمیم کرتی ہے تو الیکشن کمیشن اس معاملے کو بھی دیکھ لے گا۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن عمر حمید نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو اپنا کام کرنے سے نہیں روکا جاسکتا۔ الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق فیصلہ محفوظ کر لیا ہے جبکہ تفصیلی فیصلہ بعد میں جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 23

۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے تینوں اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے احکامات جاری کیے، جس کے بعد تھانہ قلعہ گجر سنگھ میں مقدمہ درج کرلیا گیا۔ مقدمہ آر آئی کاروات انسپکٹر محمد عمران کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے جس میں بھتہ خوری اور پولیس آرڈر 2002ء کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا کہنا ہے کہ شہری ہوں یا پولیس اہلکار، کسی کو بھی رشوت ستانی کا شکار نہیں ہونے دیا جائے گا۔ رشوت لینے والا ہو یا دینے والا، کوئی بھی قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا۔

بقیہ 24

فیس لیس اسیسمنٹ یونٹ کو کیس عائد کرنے اور کیس میں ترمیم کرنے کے اختیارات ملیں گے، فیس لیس اسیسمنٹ یونٹ کو نوٹس جاری کرتے اور جرمانے عائد کرنے کا اختیار دینے کی بھی تجویز ہے۔ ٹیکس افسران کو آن لائن سماعت اور جسمانی تصدیق کرانے کی اجازت دینے، انکم ٹیکس قواعد میں فیس لیس اسیسمنٹ کیلئے نئی شق شامل کرنے کی تجویز ہے۔ ٹیکس کے معاملات میں اپیلوں کے فیصلوں پر عمل درآمد بھی فیس لیس اسیسمنٹ یونٹ کرے گی، مجوزہ نئے نظام کے تحت ٹیکس دہندگان کو اپنا موقف پیش کرنے کا موقع دیا جائیگا۔ ایف بی آر نے مجوزہ تبدیلیوں پر اعتراضات اور تجاویز کے لیے 3 دن کی مہلت دے دی۔

بقیہ 25

نوٹیفکیشن کے مطابق جائز رعایت دینے سے انکار کی صورت میں متعلقہ ریلوے حکام یا پاکستان سٹیزن پورٹل پر شکایت درج کروائی جائے۔

بقیہ 26

مسئلہ بن چکا ہے، پاکستان ہمیشہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے بھائیوں کی اخلاقی اور سفارتی حمایت کی پالیسی پر عمل پیرا رہے گا۔ مریم نواز نے کہا کہ کشمیر اور پاکستان لازم و ملزوم ہیں، کوئی جدا نہیں کرسکتا، کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہیں اور ہمیشہ رہیں گے، لاکھوں بے گناہ کشمیریوں کا خون ضرور رنگ لائے گا، مقبوضہ کشمیر میں آزادی کی روشن صبح ضرور طلوع ہوگی، پاکستان عالمی دنیا کے سامنے کشمیر کا مقدمہ بھرپور طریقے سے پیش کرتا رہے گا۔

بقیہ 27

سے ہے۔ دوسری جانب خبر ایجنسی کے مطابق شام کے جنوبی علاقوں میں اردن کے فضائی حملے میں 7 افراد جاں بحق ہو گئے۔ مرنے والوں میں 3 بچے اور ایک خاتون شامل ہیں، درعا اور السویداء صوبوں کے دیہی علاقوں میں 4 مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ شام نے اردن کی جانب سے اپنی سرزمین پر کارروائیوں پر تحفظات کا اظہار کیا ہے، شامی حکام کے مطابق شامی سرزمین پر کارروائی سے پہلے اردن نے رابطہ نہیں کیا، اردن کے ساتھ نصب سرحدی گزرگاہ آج بند رہے گی۔ واضح رہے کہ اردن کے جنوبی شام کرک میں گرجا گھر پر دہشتگردوں کے حملے میں 9 افراد ہلاک ہوئے تھے۔

بقیہ 28

کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستان و کشمیر لازم و ملزوم ہیں۔ کشمیری عوام بھارتی قبضے کے خلاف مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں، جس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری رہنما سید علی گیلانی مرحوم و مغفور کا نعرہ "ہم پاکستانی، پاکستان ہمارا" کشمیری و پاکستانی قوم کے جذبات کی ترجمانی کرتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ کشمیری عوام حق خودارادیت کے حصول کے لیے طویل جدوجہد کر رہے ہیں اور اس مقصد کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کا خون ضرور رنگ لائے گا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان کے عوام اپنے مقبوضہ کشمیر کے بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ کشمیری عوام بھارتی قبضے کے خلاف اپنی لازوال جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ کشمیریوں کی حق خود ارادیت کی جدوجہد کی حمایت جاری رکھی جائے گی اور کشمیر سے بھارتی قبضہ ختم کرانے کے لیے کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 29

ان دنوں سوشل میڈیا پر چھائے ہوئے ہیں۔ پاکستانی سرائیکی گانوں چھلا، چھلے والا اور الفاظ پر بچوں کی دلکش گائیکی اور رقص کی ویڈیوز صارفین کی بھرپور توجہ حاصل کر رہی ہیں۔ پاکستان اور بھارت سمیت مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ان ویڈیوز کو پذیرائی مل رہی ہے۔ خاص طور پر ناروے کے آرٹسٹ ولیم کیمبورگ کا پاکستانی گانوں کی دھنوں پر رقص کرنا صارفین کی دلچسپی کا باعث بن رہا ہے جبکہ سرتال میوزک اکیڈمی کے بچوں کی پرفارمنس بھی سوشل میڈیا پر نمایاں توجہ حاصل کر رہی ہے۔ ان ویڈیوز کے ذریعے پاکستانی سرائیکی موسیقی اور مقامی ثقافت کو عالمی سطح پر پذیرائی مل رہی ہے۔ صارفین ان پرفارمنسز کو سراہنے کے ساتھ ساتھ مختلف دلچسپ تبصرے بھی کر رہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا صارف نے سرتال میوزک اکیڈمی کی تعریف کرتے ہوئے لکھا کہ اکیڈمی نے انٹرنیٹ پر دھوم مچا دی ہے۔ صارف کے مطابق، ان ویڈیوز پر بھارتی صارفین کی جانب سے بھی مختلف ردعمل سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سب لکھ رہے جب میوزک کی بات ہو تو پاکستان پر ختم ہے۔ کئی صارفین کا کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر ان ویڈیوز کو ملنے والی توجہ اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ موسیقی زبان اور سرحدوں کی حدود سے آگے بڑھ کر مختلف ثقافتوں کے لوگوں کو ایک دوسرے سے جوڑ سکتی ہے۔

بقیہ 30

ٹیکسالی گیٹ میں 57 عمارتیں خطرناک پائی گئیں۔ اسی طرح اکبری گیٹ اور دہلی گیٹ پر مشتمل وارڈ میں 52، بھاٹی گیٹ میں 43 اور کی گیٹ میں 24 خطرناک عمارتوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ حکام کے مطابق اندرون لاہور کے مجموعی طور پر 9 وارڈز میں تقریباً 22 ہزار عمارتیں موجود ہیں۔ پانچ وارڈز کا سروے مکمل ہونے کے بعد باقی چار وارڈز میں عمارتوں کی جانچ پڑتال کا عمل جاری ہے۔ بسنت 2027ء سے قبل خطرناک عمارتوں کی نشاندہی کو اہم قرار دیا جارہا ہے تاکہ شہریوں کی حفاظت اور ممکنہ حادثات سے بچاؤ کے لیے ضروری اقدامات کیے جا سکیں۔

بقیہ 31

میں 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے پوسٹرز کی نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ و طالبات نے اپنے فن پاروں کے ذریعے مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے اور اس حوالے سے شعور بیدار کرنے کی کوشش کی۔ نمائش کا افتتاح این سی اے کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری نے کیا۔ کشمیر بلیک ڈے کے عنوان سے منعقدہ اس نمائش میں 50 سے زائد طلبہ و طالبات کے تیار کردہ پوسٹرز پیش کیے گئے، جن میں مسئلہ کشمیر سے متعلق مختلف پہلوؤں کو فنکارانہ انداز میں اجاگر کیا گیا۔ نمائش کا انعقاد کالج کے فاتحین کورٹ یارڈ میں کیا گیا، جہاں طلبہ کے تخلیقی کام کے ذریعے کشمیر کے مسئلے کی اہمیت اور اس سے وابستہ انسانی و سماجی پہلوؤں کو نمایاں کرنے کی کوشش کی گئی۔ اس سرگرمی کا مقصد نوجوان فنکاروں کو اپنے فن کے ذریعے اہم قومی اور بین الاقوامی معاملات پر اظہار خیال کا موقع فراہم کرنا بھی تھا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری نے نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے طلبہ کے فن پاروں کا مشاہدہ کیا۔ ان کی شرکت نے نمائش کی اہمیت کو اجاگر کیا، جس میں فنون لطیفہ کے ذریعے مسئلہ کشمیر پر توجہ مبذول کرانے کی کوشش کی گئی۔ واضح رہے کہ 27 اکتوبر کو پاکستان میں یوم سیاہ کشمیر کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن 1947ء میں جموں و کشمیر میں بھارتی افواج کی آمد کے تاریخی پس منظر میں مختلف تقریبات، سیمینارز، مباحثوں اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے مسئلہ کشمیر کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ این سی اے لاہور میں منعقدہ پوسٹرز کی یہ نمائش بھی اسی سلسلے کی ایک سرگرمی تھی، جس کے ذریعے طلبہ و طالبات کو فن اور تخلیقی اظہار کے ذریعے مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اپنے خیالات پیش کرنے کا موقع ملا۔

بقیہ 32

نے ایف 2 جوہر ٹاؤن سے ولو پولیس کیلئے رائیڈ بک کروائی تھی۔ پولیس کے مطابق واقعہ کا مقدمہ متاثرہ خاتون کے بھائی کی مدعیت میں رائڈر کیخلاف درج کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 33

کی تعداد میں اضافہ اور اڑیال کی اپنے قدرتی مسکن میں موجودگی جنگلی حیات کے تحفظ، قانونی اصلاحات اور قدرتی ماحول کی بحالی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے مثبت نتائج کی عکاسی کرتے ہیں۔ سالٹ رینج کے ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر سید علی عثمان کے مطابق، حفاظتی اقدامات اور قوانین پر عمل درآمد سے علاقے میں اڑیال کی آبادی کو مستحکم کرنے میں مدد مل رہی ہے۔ چکوال کے اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر مرزا عابد حسین کی رپورٹ کے مطابق، پنجاب وائلڈ لائف ایکٹ اور محفوظ علاقوں سے متعلق قانون پر عمل درآمد نایاب جنگلی حیات کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ محکمہ وائلڈ لائف کے مطابق، اچھالی جھیل پر مقامی اور ہجرت کرکے آنے والے پرندوں کی موجودگی حیاتیاتی تنوع کے حوالے سے اہمیت رکھتی ہے۔

بقیہ 34

رہنما سید علی گیلانی، میر واعظ عمر فاروق اور برہان وانی کو جدوجہد آزادی کی نمایاں شخصیات کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ نغمہ میں ابھینندن کی گرفتاری اور میزائل فائرنگ کے واقعات کے ذریعے پاکستان کی دفاعی تیاری اور عزم کا پیغام دیا گیا۔ نغمہ کے اختتام پر پاکستان کی عسکری قیادت کی جانب سے بھارتی مظالم کے خلاف کشمیری عوام کی جدوجہد کی حمایت کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 35

، 10 کلوگرام چائنا سالٹ اور 5.1 کلوگرام زائد المیعاد اشیائے خورونوش تلف کر دی گئیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے شہریوں کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 36

میانوالی نے انتہائی مہارت اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے مغویہ کا سراغ لگایا اور ڈرامائی انداز میں مغوی خاتون کو چار بچوں سمیت بحفاظت بازیاب کروا لیا ہے، جبکہ اغوا کاروں کی گرفتاری کے لئے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 37

1947 کشمیری تاریخ کا سیاہ دن ہے۔ یوم سیاہ کشمیر تجدید عہد کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو دبایا نہیں جاسکتا اور مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پرامن حل خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو نظرانداز کرکے جنوبی ایشیا میں دیرپا امن قائم نہیں کیا جا سکتا۔ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جانا چاہیے۔ راجہ پرویز اشرف نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے مسئلہ کشمیر کو ہمیشہ اہمیت دی اور کشمیری عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کی۔

بقیہ 38

ریونیو دفاتر کھلے رکھنے اور متعلقہ فیلڈ فارمیشنز میں معمول کے مطابق دفتری امور کی انجام دہی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ٹیکس گزاروں کو گوشوارے جمع کروانے کے دوران پیش آنے والی تکنیکی خرابیوں کے حوالے سے رہنمائی بھی فراہم کی جائے گی۔ چیف کمشنرز ان لینڈ ریونیو افسران کی کارکردگی، دفتری اوقات اور دیگر امور کی نگرانی کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

بقیہ 39

میں پچاس سے زائد طلباء و طالبات کے بنائے پوسٹرز پیش کیے گئے۔ نمائش کا انعقاد کالج کے فاتحین کورٹ یارڈ میں کیا گیا۔ 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کشمیر کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن مختلف تقریبات اور سرگرمیوں کے ذریعے مسئلہ کشمیر کی جانب توجہ مبذول کرائی جاتی ہے

بقیہ 40

ایک گھنٹے تک معطل رہنے کے بعد ایف آئی اے کا امیگریشن سسٹم بتدریج بحال ہو گیا۔ ایف آئی اے حکام نے رابطہ کرنے کے باوجود امیگریشن سسٹم معطل ہوجانے کی وجوہات سے آگاہ نہیں کیا۔ ذرائع کے مطابق دو ہفتے قبل بھی جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ایف آئی اے کا امیگریشن سسٹم بیٹھ گیا تھا۔

بقیہ 41

ہونے کے باعث انتقال کر گیا۔ جس کی نماز جنازہ واس کے دوستوں نے مرکزی جامعہ مسجد برمنگھم میں ادا کی اور میت کو پاکستان لاکر اسکے آبائی شہر بھیرہ لایا گیا جہاں جامع مسجد بگویہ میں نماز جنازہ ادا کر کے میت کو آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ جہاں اسلامی نظریاتی کونسل کے سابق رکن ڈاکٹر ابوالحسن محمد شاہ الازہری نے نماز جنازہ پڑھائی۔ اس موقع پر وزیر مملکت ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ، سرگودھا پریس کلب (رجسٹرڈ) کے سابق جنرل سیکرٹری شاہین فاروقی، سرگودھا چیمبر آف کامرس کے رکن چوہدری محمد اجمل گوندل سمیت دیگر نے لواحقین سے اظہار ہمدردی و تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی اور ان کی علاقہ کے لیے خدمات کو سراہا۔

بقیہ 42

قریباً 8 دہائیاں گزرنے کے باوجود کشمیری عوام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے تحت تسلیم شدہ حق خودارادیت سے محروم ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام دہائیوں سے بنیادی آزادیوں پر پابندیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں، تاہم ان کا عزم اور استقامت برقرار ہے، کشمیری نسلوں کی قربانیاں انصاف، امن اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کے حق کے لیے ان کی جدوجہد کی عکاس ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے جموں و کشمیر تنازع کے حل کے لیے متعدد قراردادیں منظور کی ہیں، پاکستان کا موقف ہے کہ تنازع کے منصفانہ، پرامن اور پائیدار حل کے لیے عالمی برادری کا کردار انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کے بھارتی یکطرفہ اقدامات کے بعد مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر بین الاقوامی تشویش میں اضافہ ہوا ہے، بعد ازاں اس کی نئی قانون سازی، بنیادی آزادیوں پر پابندیوں، آبادیاتی اور سیاسی تبدیلیوں اور کشمیری سیاسی رہنماؤں و کارکنوں کی مسلسل نظربندی نے عوام میں عدم تحفظ اور احساس محرومی کو مزید گہرا کیا ہے

بقیہ 43

ہوئے احمد نواز چیمہ نے کہا کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے، کشمیری آزادی تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتے ہیں کشمیری بھائیوں کو اپنا حق دلوایا جائے۔

بقیہ 44

مزید مستحکم بنانے اور علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے باہمی طور پر مفید تعاون کو وسعت دینے کے دونوں ممالک کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 45

اور مستحق مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات میسر رہیں اور وہ مالی مشکلات کے باعث علاج سے محروم نہ ہوں۔ مظاہرین نے کہا کہ صحت سہولت کارڈ غریب اور مستحق خاندانوں کے لیے علاج معالجے کی فراہمی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس پروگرام کی بندش سے ایسے خاندان مشکلات کا شکار ہو سکتے ہیں جو مہنگے علاج کے اخراجات برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ مظاہرین نے حکومت پنجاب، لائف انشورنس کمپنی اور پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی (پی ایچ آئی ایم سی) سے مطالبہ کیا کہ صحت سہولت کارڈ پروگرام کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، تاکہ مستحق مریضوں کو بروقت علاج کی سہولیات میسر آسکیں اور قیمتی انسانی زندگیاں محفوظ بنائی جاسکیں۔

بقیہ 46

ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ عدالت میں پیش ہوئے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ نئے قواعد تیار کرکے چیف سیکرٹری پنجاب کو بھجوا دیئے گئے ہیں۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ ریکارڈ کا جائزہ لینے سے جعلسازی ظاہر ہوتی ہے اور یہ ملی بھگت سے کی گئی ہے، ایک غلط رجسٹری سے جائیداد کی مالیت کہاں سے کہاں پہنچ جاتی ہے، رجسٹریوں کے انبار لگے ہوئے ہیں، لوگ خوار ہو رہے ہیں

بقیہ 47

کو بنوں امن کمیٹی نے اٹھایا ہے۔ رحیم اللہ کو دو روز قبل چھوڑ دیا گیا، جبکہ شال خان تاحال لاپتا ہے۔ چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے استفسار کیا کہ بچے کے خلاف کیا الزامات ہیں، وہ تو چھوٹا بچہ ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ یہ کیسے دہشت گردی میں ملوث ہوسکتا ہے اور بنوں امن کمیٹی کس نے قائم کی ہے، اسے اختیارات کس نے دیے ہیں؟ ایس پی رورل بنوں شکیل خان نے عدالت کو بتایا کہ بنوں میں حالات خراب ہیں اور پولیس نے خود امن کمیٹی بنائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں وقت دیا جائے کیونکہ وہاں آپریشن جاری ہے، جبکہ شال خان پولیس کے پاس نہیں ہے۔ چیف جسٹس نے آر پی او بنوں کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش ہونے کی ہدایت کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر پیشی کا حکم دیا۔ عدالت نے رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت 16 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 48

اور 2 سہولت کاروں کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا، مقدمے میں نامزد مرکزی ملزم سمیت 3 افراد سی ڈی کی حراست میں ہیں۔ پولیس کے مطابق 107 جنوبی میں قائم گورنمنٹ ہائی اسکول کے طالب علم عبداللہ کو مبینہ طور پر بدفعلی کا نشانہ بنایا گیا۔ اسکول ٹیچر صفدر عباس نے عبداللہ کو بریک ٹائم میں اپنی بیٹھک پر بلایا، جہاں پہلے سے موجود دو طالب علموں حسن اور علی حسن نے اسے زبردستی بدفعلی کا نشانہ بنایا۔ پولیس کے مطابق موقع پر موجود اسکول ٹیچر صفدر عباس واقعے کی ویڈیو بناتا رہا، پولیس کا کہنا تھا کہ صفدر عباس اس سے قبل بھی متعدد طالب علموں کو مبینہ طور پر بدفعلی کا نشانہ بنا چکا اور ویڈیوز بنا کر بچوں کو بلیک میل کرتا ہے۔ سرگودھا کے تھانہ عطا شہید پولیس نے بچے کے دادا کی درخواست پر مقدمہ درج کرلیا گیا تھا

بقیہ 49

گا۔ حسن نقوی کا مزید کہنا تھا کہ اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد اس کے افتتاح اور قیدیوں کی منتقلی کے مراحل آگے بڑھائے جائیں گے۔

بقیہ 50

منصفانہ حل کی جانب مبذول کرواتا ہے۔ انہوں نے کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی، قربانیوں اور بھارتی مظالم کے باوجود ان کے عزم و حوصلے کو خراج تحسین پیش کیا۔ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی استقامت، حوصلے اور آزادی کے لیے دی جانے والی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ بھارتی مظالم کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کر سکے۔ پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما ریحانہ امتیاز ڈار نے 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر سیکرٹری اطلاعات و نشریات میاں شان علی قمر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی متعدد قراردادوں میں کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو تسلیم کیا گیا اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے ایک بین الاقوامی فریم ورک فراہم کیا گیا جس کے تحت ریاست کے عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ آزادانہ طور پر کرنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے گزشتہ کئی دہائیوں میں بے شمار قربانیاں دی ہیں لیکن طاقت، فوجی دباؤ اور سخت قوانین کے ذریعے ان کے حق خودارادیت کی جدوجہد کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے عالمی طاقتوں پر زور دیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لئے عملی کردار ادا کریں تاکہ خطے میں کشیدگی کا خاتمہ ہو، امن و استحکام کو فروغ ملے اور کشمیری عوام کو انصاف میسر آسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا قیام اسی وقت ممکن ہے جب مسئلہ کشمیر کو سنجیدگی سے حل کرنے کے لیے بامعنی اقدامات کیے جائیں۔ یوم سیاہ کا پیغام واضح ہے کہ کشمیری عوام کی آواز کو سنا جائے اور مسئلہ کشمیر کا حل انصاف، امن اور حق خودارادیت کے اصولوں کے مطابق تلاش کیا جائے

بقیہ 51

کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے قرارداد 47 منظور کی، جس میں جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری کے ذریعے کرنے کی سفارش کی گئی تھی۔ بھارتی وزیراعظم جواہر لال نہرو نے بھی نومبر 1947 میں مختلف بیانات اور پیغامات میں کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دینے کی یقین دہانی کرائی تھی۔

بقیہ 52

سے مختلف اداروں، محکموں اور اقدامات کی تفصیلات مرتب کر رکھی ہیں جو تحریری طور پر ایوان میں دستیاب ہیں اس حوالے سے مزید تفصیلات فراہم کرنے سے ایوان کا وقت بچانے کے لیے تحریری جواب سے استفادہ کیا جاسکتا ہے

بقیہ 53

لیے ان کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کشمیر کو یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 وہ دن تھا جب بھارتی افواج سری نگر میں داخل ہوئیں جس سے جموں و کشمیر کے عوام کے لیے طویل عرصے پر محیط مشکلات اور مصائب کا آغاز ہوا

بقیہ 54

مرتب ہو رہے ہیں اس لیے تمام فریقوں کو تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ چنیوٹ کے علاقے لکھو کھراں والا میں میڈیکل کیمپ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی معیشت پہلے ہی مختلف چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے، افغانستان اور بھارت کے ساتھ تجارتی رکاوٹوں کے بعد خطے میں مزید کشیدگی ملکی معیشت پر اضافی دباؤ ڈال سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران سمیت خطے کے ممالک کے ساتھ تجارتی راستوں کی بحالی پاکستان کے لیے اہم ہے کیونکہ اس سے تجارت، سرمایہ کاری اور برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت مقدس مقامات کا تحفظ پوری امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پاکستان اس حوالے سے اپنے عزم پر قائم ہے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا

بقیہ 55

کو جدید سہولیات، معیاری تربیت اور بھرپور مواقع فراہم کرنا ہوں گے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ نارووال سپورٹس سٹی کی تعمیر کے باعث انہیں جھوٹے مقدمے کا سامنا کرنا پڑا اور جیل کی کال کوٹھری میں بھی رکھا گیا، تاہم نوجوانوں کے چہروں پر خوشی دیکھ کر ان کے تمام زخموں پر مرہم پڑ گیا ہے۔ نارووال میں مقابلے منعقد کروانے کا ان کا خواب آج حقیقت بن رہا ہے، جو نہ صرف نارووال بلکہ پاکستان میں کھیلوں کے فروغ کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ نارووال سپورٹس سٹی نوجوانوں، بالخصوص بچوں اور بچیوں کو اپنے خوابوں کی تعبیر حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرے گا۔ یہاں تربیت حاصل کرنے والے کھلاڑی مستقبل میں عالمی مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے وطن عزیز کا نام روشن کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں کی جدوجہد، محنت، مسلسل مشقت، عزم اور مستقل مزاجی کی داستان ہوتی ہے، لہٰذا ہمارے نوجوانوں کو بھی اعلیٰ کارکردگی کے حصول کے لیے بھرپور محنت کرنا ہوگی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ زندگی کے کسی بھی شعبے کا انتخاب کریں، اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے محنت اور لگن کو اپنا شعار بنائیں اور پاکستان کا نام روشن کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے ذریعے عوامی روابط کے فروغ کا بھی اہم ذریعہ ہے۔ نمائشی ہاکی میچ کا انعقاد نارووال سپورٹس سٹی میں بین الاقوامی کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ، نوجوانوں کو کھیلوں کی جانب راغب کرنے اور پاکستان وچین کے مابین دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

بقیہ 56

سے زائد جاری پولیس اور محکمہ انہار کے مشترکہ آپریشن نگرانی کی جس میں نہری پانی چوری میں ملوث ایک ملزم کو رنگے ہاتھوں موقع پر گرفتار کرلیا گیا جبکہ غیر قانونی طور پر پانی کا رخ موڑنے کے مختلف مقامات کو چیک کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے کہا کہ نہری پانی چوری کسانوں کے حقوق پر ڈاکا ہے اس لئے کسی کو دوسروں کا حق سلب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ نہری پانی چوری اور غیر قانونی طور پر پانی کا رخ موڑنے والوں کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کارروائی ہوگی۔ ڈی پی او توقیر محمد نعیم نے کہا کہ پانی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، ایسے جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس بھرپور کردار ادا کرے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ نہری پانی کی تقسیم کی مسلسل نگرانی، پانی چوری کی نشاندہی پر فوری کارروائی اور ٹیل تک پانی کی منصفانہ فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 57

وفد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ رائے ونڈ کی آبادی روز بروز بڑھ رہی ہے اور یہاں سے روزانہ ہزاروں طلباء، مزدور، ملازمین اور کاروباری افراد لاہور کا سفر کرتے ہیں۔ موجودہ پبلک ٹرانسپورٹ مہنگی اور ناکافی ہونے کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سینکڑوں تبلیغی مندوبین کو بھی سفری مشکلات درپیش ہیں شہریوں کا کہنا تھا کہ اگر اورنج ٹرین کو رائے ونڈ تک توسیع دی جائے تو نہ صرف سفر کا وقت کم ہوگا بلکہ کرایوں میں بھی نمایاں کمی آئے گی۔ اس سے طلباء کو تعلیمی اداروں تک رسائی، مریضوں کو ہسپتالوں تک پہنچنے اور تاجروں کو کاروباری سرگرمیوں میں آسانی ہوگی۔ رائے ونڈ پریس کلب کے عہدیداران نے بھی اس عوامی مطالبہ کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ رائے ونڈ کے عوام کا بنیادی حق ہے

بقیہ 58

دیے۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس شیریں عمران نے چھ ملازمین کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ درخواست گزاروں میں محمد فیاض الحق سمیت محکمہ صحت کے چھ ملازمین شامل تھے، جنہوں نے اپ گریڈیشن واپس لینے کے حکومتی نوٹیفکیشن کو عدالت میں چیلنج کیا تھا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ متعلقہ ملازمین کی اپ گریڈیشن 2011 کے نوٹیفکیشن کے مطابق بحال کی جائے اور ان کی سروس و مالی فوائد کا از سر نو تعین کیا جائے

بقیہ 59

بہاؤالدین مہر عمر دراز جھاوری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایجوکیشن این سی ایچ ڈی ضلع سرگودھا آصف علی تارڑ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل رانا شمشاد حسین، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل مصعب بلال گوندل، فیلڈ آفیسران این سی ایچ ڈی ضلع منڈی بہاؤالدین جیل انتظامیہ ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاؤالدین، لیکچرار اور لرنرز نے شرکت کی۔

بقیہ 60

۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل حل کرنا، ان کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا اور انہیں درپیش مشکلات کا ازالہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اوورسیز پاکستانی پاکستان کے سفیر ہیں، جو اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور بہترین کارکردگی کے ذریعے عالمی سطح پر ملک کی مثبت شناخت اجاگر کر رہے ہیں۔ ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں عزت، سہولت اور تحفظ فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے اپنے دورہ کینیڈا کے موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کینیڈا کے صدر سہیل اختر وڑائچ کی جانب سے پرتکلف الوداعی ظہرانہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 61

ملازمین شامل تھے، جنہوں نے اپ گریڈیشن واپس لینے کے حکومتی نوٹیفکیشن کو عدالت میں چیلنج کیا تھا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ متعلقہ ملازمین کی اپ گریڈیشن 2011ء کے نوٹیفکیشن کے مطابق بحال کی جائے اور ان کی سروس و مالی فوائد کا ازسرنو تعین کیا جائے۔

بقیہ 62

آئیں گی جبکہ شہریوں کی جانب سے منصوبے کی بروقت تکمیل کو سراہا جارہا ہے۔

بقیہ 63

پر تشدد کرنے، بال کاٹ کر تذلیل کرنے اور زیورات چھیننے کے الزامات عائد کیے ہیں۔ متاثرہ خاتون کی ایک ویڈیو بھی سامنے آئی ہے، جس میں وہ اپنے چچا سے مدد کی اپیل کرتے ہوئے کہتی ہیں کہ ان کے زیورات چھین لیے گئے ہیں جبکہ والدین کی جانب سے دی گئی دو لاکھ روپے کی رقم بھی لے لی گئی ہے۔ خاتون نے ویڈیو میں کہا کہ سسرال والوں نے ان کا جینا حرام کر رکھا ہے اور چچا سے جلد پہنچنے کی اپیل کی۔ اطلاعات کے مطابق مبینہ تشدد سے تنگ آکر خاتون نے پڑوسیوں کے گھر پناہ لی

بقیہ 64

ان کی خواہشات کے مطابق مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل خطے میں پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہے۔ مرزا محمد جاوید نے کہا کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقوق، آزادی اور حق خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ ان کی قربانیاں اس عزم کی عکاس ہیں کہ وہ اپنے مستقبل کے حوالے سے آزادانہ فیصلہ کرنے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوم سیاہ منانے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورت حال کی جانب مبذول کروانا اور کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا ہے

بقیہ 65

سمیت دنیا بھر میں کشمیری آج سراپا احتجاج ہیں۔ آج کے دن ساری پاکستانی عوام کشمیریوں کے حق خودارادیت کے حوالے سے آواز اٹھا رہے ہیں۔ آج کے دن ہندوستان کی قابض افواج کشمیر میں داخل ہوئی تھی۔ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہیے۔ پاکستانی قوم کشمیری عوام کی ہر سطح پر اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔ عالمی برادری کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ 27 اکتوبر 1947ء کے دن ہندوستان نے کشمیر میں اپنی قابض افواج اتار کر کشمیریوں کے حق خودارادیت کو سلب کیا۔ ریلی میں شرکاء نے بھارتی مظالم کے خلاف نعرے لگائے گئے اور ریلی کی اختتام پر کشمیری بہن بھائیوں کے حق میں دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 66

گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم کی تقرری کے حوالے سے آئین میں واضح گنجائش ہونے یا نہ ہونے کا معاملہ ایک رائے کی حیثیت رکھتا ہے جس پر بحث کی جا سکتی ہے، اگر کوئی رکن مستقبل میں اس حوالے سے آئینی ترمیم کی تجویز دینا چاہتا ہے تو اسے اپنی رائے دینے کا حق حاصل ہے۔ وفاقی وزیر نے وضاحت کی کہ رولز آف بزنس 1973 کے رول 5(2) کے تحت وزیراعظم کو معاونت فراہم کرنے کے لیے متعلقہ انتظامی گنجائش موجود ہے اور حکومت نے اسی قاعدے کے تحت نائب وزیراعظم کی تقرری کی ہے۔

کشمیریوں کی جدوجہد جبر سے نہیں دبائی جاسکتی، اسحاق ڈار

یوم سیاہ جموں وکشمیر کے حوالے سے وفاقی دارالحکومت میں ریلی نکالی گئی جس میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے نمائندے، دفتر خارجہ کے حکام اور ارکان پارلیمنٹ نے شرکت کی

ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوج سرینگر میں داخل ہوئی، جس سے جموں وکشمیر کی تاریخ کے ایک طویل اور دردناک باب کا آغاز ہوا

مظفر آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ کشمیری عوام کی حق خودارادیت کے لیے مسلسل جدوجہد اس بات کی یاد دہانی ہے کہ کسی قوم کی امنگوں کو جبر اور تشدد کے ذریعے نہیں دبایا جاسکتا۔ یوم سیاہ جموں وکشمیر کے حوالے سے وفاقی دارالحکومت میں ریلی نکالی گئی جس میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے نمائندے، دفتر خارجہ کے حکام اور ارکان پارلیمنٹ نے شرکت کی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوج سرینگر میں داخل ہوئی، جس سے جموں وکشمیر کی تاریخ کے ایک طویل اور دردناک باب کا آغاز ہوا۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی کے اجلاس کی صدارت کے لئے آرہے ہیں۔



لاہور: شائقین کرکٹ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان سہ ملکی ون ڈے سیریز کا میچ دیکھنے کے لئے قذافی اسٹیڈیم آرہے ہیں۔

مسئلہ کشمیر کسی ایک ریاست کا نہیں، عالمی مسئلہ بن چکا ہے، خواجہ سلمان رفیق

پاکستان ہمیشہ مقبوضہ جموں وکشمیر کے بھائیوں کی اخلاقی اور سفارتی حمایت کی پالیسی کو سپورٹ کرتا رہے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے مقبوضہ جموں وکشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف یوم سیاہ پر اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر کو مقبوضہ جموں وکشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کے اقدام نے تاریخ عالم میں سیاہ باب رقم کیا ہے۔ 27 اکتوبر کے سیاہ باب کی سیاہی مودی سرکار کے چہرے پر نمایاں ہورہی ہے۔ مسئلہ کشمیر کسی ایک ریاست کا نہیں بلکہ عالمی مسئلہ بن چکا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ مقبوضہ جموں وکشمیر کے بھائیوں کی اخلاقی اور سفارتی حمایت کی پالیسی کو سپورٹ کرتا رہے گا۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش کیا اور مقبوضہ جموں وکشمیر کے شہداء کیلئے خراج عقیدت پیش کیا۔

کھاریاں، فوڈ اتھارٹی کی 52 انسپکشنز، خلاف ورزیوں پر 90 ہزار روپے جرمانہ

کھاریاں (این این آئی) فوڈ اتھارٹی کی 52 انسپکشنز، خلاف ورزیوں پر 90 ہزار روپے جرمانہ۔ ایک ای پی او جاری ضلع بھر میں خوراک کے معیار اور فوڈ سیفٹی قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے مختلف مقامات پر 52 انسپکشنز کیں۔ دوران کارروائی خلاف ورزیوں پر 20 امپرومنٹ نوٹس جاری کیے گئے، جبکہ 5 مقامات پر مجموعی طور پر 90 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ مزید برآں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

لاہور، مبینہ ہراسانی سے بچنے کیلئے خاتون نے چلتی موٹر سائیکل سے چھلانگ لگادی

چلتی بائیک سے گرنے کے باعث خاتون کو منہ، ناک، گلے اور سر پر چوٹیں آئیں، رائڈر فرار ہوگیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کے علاقے جوہر ٹاؤن میں بائیک رائیڈر کی خاتون کے ساتھ مبینہ نازیبا حرکت کی کوشش، خاتون نے چلتی موٹر سائیکل سے چھلانگ لگادی۔ سی سی ٹی وی فوٹیج کے مطابق 17 اکتوبر کو پیش آئے واقعے میں مبینہ ہراسانی سے بچنے کیلئے خاتون نے موٹر سائیکل سے چھلانگ لگائی۔ چلتی بائیک سے گرنے کے باعث خاتون کو منہ، ناک، گلے اور سر پر چوٹیں آئی ہیں جبکہ خاتون کے چلتی موٹر سائیکل سے چھلانگ لگانے پر رائڈر فرار ہوگیا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ متاثرہ خاتون (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر32)

کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے ہڑپہ میوزیم میں یوم سیاہ کشمیر منایا گیا

چیچہ وطنی (سٹاف رپورٹر) کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے ہڑپہ میوزیم میں 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کشمیر بھرپور انداز میں منایا گیا۔ اس موقع پر ریلی بھی نکالی گئی جس کی قیادت کیوریٹر ہڑپہ میوزیم احمد نواز چیمہ نے کی جس میں طلبہ وطالبات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے کشمیر کی حق اور انڈیا کے مظالم کے خلاف نعرے لگائے۔ اس موقع پر خطاب کرتے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

چھ جعلی رجسٹریوں کے مقدمے میں رجسٹری محرر، رجسٹرار کی عبوری ضمانتوں کی درخواستیں مسترد

عدالت کا اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ میں 40 فیصد افسران کی ڈیپوٹیشن پر تعیناتی پر تشویش کا اظہار

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے چھ جعلی رجسٹریوں کے مقدمے میں رجسٹری محرر تاج محمد اور رجسٹرار محبوب علی کی عبوری ضمانتوں کی درخواستیں مسترد کردیں جبکہ عدالت نے دوران سماعت اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ میں 40 فیصد افسران کی ڈیپوٹیشن پر تعیناتی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ محکمے میں ڈیپوٹیشن کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، تب ہی محکمہ بہتر انداز میں کام کرسکے گا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم نے کیس کی سماعت کی۔ عدالتی حکم پر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر46)



لاہور: شہری لنڈے بازار سے جوتے خرید رہے ہیں



لاہور: ہیلپ پور وومن اینڈ چائلڈ آرگنائزیشن پاکستان کے زیر اہتمام صحت سہولت کارڈ پروگرام کی بندش کے خلاف مظاہرہ کیا جارہا ہے۔

کمانڈر کویت نیول فورس، ریئر ایڈمرل سیف الحملان کی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) کمانڈر کویت نیول فورس، ریئر ایڈمرل سیف الحملان نے اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، بالخصوص دوطرفہ دفاعی تعاون، بحری شعبے میں اشتراک عمل اور پاکستان و کویت کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے طریقوں پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں دفاعی تعلقات کو (باقی صفحہ بقیہ پر 44 نمبر)



لاہور: اسلامی جمعیت طلبہ پنجاب جنوبی کے ناظم صوبہ حذیفہ عثمان دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کررہے ہیں۔

چار بچوں سمیت اغوا ہونے والی خاتون سرگودھا سے بازیاب

میانوالی (سٹاف رپورٹر) چار بچوں سمیت اغوا ہونے والی خاتون سرگودھا سے بازیاب، تفصیلات کے مطابق میانوالی شہر کے مشہور محلہ میانہ ن، آبادی کی رہائشی خاتون کو چار بچوں سمیت نامعلوم افراد نے اغوا کرلیا تھا۔ "میڈیا" رپورٹ پر وزیر اعلیٰ پنجاب نے نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس پنجاب راعبد الکریم کو ہدایت کی مغویہ خاتون کو بچوں سمیت فوری طور پر بازیاب کرایا جائے، جس پر آئی جی پولیس پنجاب نے آر پی او سرگودھا اور ڈی پی او میانوالی کو حکم دیا کہ مغویہ کو فوری طور پر بازیاب کروائیں، جس پر ایس ڈی پی او صدر سرکل اور ایس ایچ او تھانہ سٹی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

اچھالی جھیل پر فلیمنگو کی تعداد 10 سے بڑھ کر اس سیزن میں 60 سے تجاوز کرگئی، وزیراعلیٰ پنجاب

مریم نواز نے ایکس پر اچھالی جھیل پر فلیمنگو اور سالٹ رینج میں اڑیال کے جھنڈ کی تصاویر بھی شیئر کیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ اچھالی جھیل پر فلیمنگو کی تعداد 10 سے بڑھ کر اس سیزن میں 60 سے تجاوز کرگئی ہے جبکہ ان پرندوں نے مظفرگڑھ کے علاقوں کا بھی رخ کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر وزیراعلیٰ نے اچھالی جھیل پر فلیمنگو اور سالٹ رینج میں اڑیال کے جھنڈ کی تصاویر بھی شیئر کیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ فلیمنگو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر33)

پشاور، بنوں امن کمیٹی کے خلاف دائر درخواست پر آر پی او بنوں کو پیش ہونے کا حکم

چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے درخواست پر سماعت کی اور رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت 16 نومبر تک ملتوی کردی

پشاور (سٹاف رپورٹر) پشاور میں پشاور ہائیکورٹ نے بنوں امن کمیٹی کے خلاف دائر درخواست پر آئندہ سماعت پر آر پی او بنوں کو پیش ہونے کا حکم دے دیا، چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے درخواست پر سماعت کی اور رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت 16 نومبر تک ملتوی کردی۔ وکیل درخواست گزار نے عدالت کو بتایا کہ 15 سالہ رحیم اللہ اور اس کے بڑے بھائی شال خان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر47)

صحت سہولت کارڈ کی بندش کے خلاف لاہور میں احتجاج، پروگرام فوری بحال کرنے کا مطالبہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ہیلپ پور وومن اینڈ چائلڈ آرگنائزیشن پاکستان کے زیر اہتمام صحت سہولت کارڈ پروگرام کی بندش کے خلاف غازی چوک، بالمقابل جنرل ہسپتال، فیروزپور روڈ لاہور میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین کی قیادت صدر ہیلپ پور وومن اینڈ چائلڈ آرگنائزیشن پاکستان محمد رمضان میو نے کی۔ مظاہرین نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ صحت سہولت کارڈ پروگرام کی بندش کے فیصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے اسے فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ غریب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

سرگودھا کا نوجوان انگلینڈ میں حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کرگیا

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) سرگودھا کا نوجوان انگلینڈ میں حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کرگیا جس کی میت کو آبائی گاؤں لاکر نماز جنازہ ادا کرکے سپرد خاک کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ کا نوجوان محمد قاسم انگلینڈ میں مقیم تھا جہاں وہ حرکت قلب بند (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کا یوم سیاہ کشمیر پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی، حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھنے کا عزم

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر اور سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ اور سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ نے کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے حق خودارادیت کی جدوجہد اور لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سابق وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کشمیر کے یوم سیاہ پر اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

کشمیریوں سے یکجہتی کیلئے آئی ایس پی آر کا خصوصی نغمہ جاری

نغمہ میں جنت نظیر وادی کشمیر میں بھارتی قتل وغارت اور خواتین و بچوں پر بہیمانہ مظالم اور قربانیوں کو اجاگر کیا گیا ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے آئی ایس پی آر کی جانب سے خصوصی نغمہ جاری کیا گیا ہے۔ نغمہ کے دلوں کو چھولینے والے بول اور ولولہ انگیز دھن، کشمیریوں کے عزم، حوصلے اور آزادی کی امید کا پیغام ہے، نغمہ میں جنت نظیر وادی کشمیر میں بھارتی قتل وغارت اور خواتین و بچوں پر بہیمانہ مظالم اور قربانیوں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ یہ نغمہ مقبوضہ کشمیر کے عوام کی ثابت قدمی، امید، جدوجہد آزادی اور لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ حریت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

ملک بھر کے ایئرپورٹس پر ایف آئی اے کا امیگریشن سسٹم ایک گھنٹہ معطل، مسافروں کی لائنیں

ایف آئی اے حکام نے رابطہ کرنے کے باوجود امیگریشن سسٹم معطل ہوجانے کی وجوہات سے آگاہ نہیں کیا

کراچی (سٹاف رپورٹر) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک بھر ایئرپورٹس پر ایف آئی اے کا امیگریشن سسٹم تقریباً ایک گھنٹے تک معطل رہا۔ امیگریشن کا عمل معطل ہونے سے ایف آئی اے کاؤنٹرز پر مسافروں کی طویل لائنیں لگ گئیں۔ جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے حکام کے مطابق سسٹم بیٹھ جانے سے مسافروں کی امیگریشن کا عمل عارضی طور پر معطل ہوگیا۔ حکام نے بتایا کہ ایف آئی اے کا امیگریشن سسٹم ملک کے تمام ایئرپورٹس پر بیک وقت معطل ہوا۔ امیگریشن سسٹم بند ہونے سے بین الاقوامی پروازوں کی روانگی بھی متاثر ہوئی۔ ایئرپورٹ حکام کے مطابق تقریباً (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

سرگودھا، 2 طلبہ کی طالبعلم سے جنسی زیادتی اور استاد کے ویڈیو بنانے کے کیس میں پیشرفت

گرفتار ٹیچر اور 2 کمسن ملزمان سے برآمد ہونے والے لیپ ٹاپ اور موبائل فون فرانزک کے لیے بھجوادیئے گئے

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) پنجاب کے ضلع سرگودھا میں اسکول ٹیچر کی طلبہ کے ساتھ جنسی زیادتی کے کیس میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سرگودھا پولیس نے بتایا کہ 2 بچوں کی ابتدائی میڈیکل رپورٹس میں جنسی زیادتی کی تصدیق ہوئی ہے تاہم حتمی میڈیکل اور ڈی این اے رپورٹ ابھی آنا باقی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ گرفتار ٹیچر اور 2 کمسن ملزمان سے برآمد ہونے والے لیپ ٹاپ اور موبائل فون فرانزک کے لیے بھجوادیے گئے ہیں۔ یاد رہے کہ 6 روز قبل اسکول ٹیچر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)



لاہور: طالبات این سی اے لاہور میں یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے پوسٹرز کی نمائش دیکھ رہی ہیں۔

این سی اے لاہور میں یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے پوسٹرز کی نمائش

لاہور (سٹاف رپورٹر) نیشنل کالج آف آرٹس (این سی اے) لاہور میں 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے پوسٹرز کی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ نمائش کا مقصد مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنا اور اس کے حوالے سے شعور بیدار کرنا تھا۔ این سی اے کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مرتضیٰ جعفری نے کشمیر بلیک ڈے کے عنوان سے نمائش کا افتتاح کیا۔ نمائش (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

ایف آئی اے نے حوالہ ہنڈی میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں حوالہ ہنڈی کے کام میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم وقاص آفریدی سے 60 لاکھ روپے برآمد ہوئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق ملزم سے موبائل فون، حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج سے متعلق شواہد برآمد ہوئے ہیں۔ ملزم کو حراست میں لینے کے بعد مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

مریدکے، لاپتہ 5 سالہ بچے کی لاش جوہڑ سے برآمد

مریدکے (سٹاف رپورٹر) مریدکے میں لاپتہ ہونے والے 5 سالہ بچے عون عباس کی لاش گاؤں کے قریبی جوہڑ سے مل گئی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے انکشاف پر بچے کی لاش جوہڑ سے برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزمان بھی اسی گاؤں کے رہائشی ہیں۔ پولیس کے مطابق عون عباس 5 بہنوں کا اکلوتا بھائی تھا جو 2 ماہ قبل گھر سے باہر کھیلتے ہوئے لاپتہ ہوگیا تھا۔

ایف بی آر کا 31 اکتوبر کو دفاتر معمول کے مطابق کھلے رکھنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکسوں اور ڈیوٹی کی وصولی کے لیے ہفتے کے روز 31 اکتوبر کو دفاتر معمول کے مطابق کھلے رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق تمام لارج ٹیکس پیئرز آفسز، کارپوریٹ ٹیکس آفسز اور ریجنل ٹیکس آفسز معمول کے اوقات کار کے مطابق کام کریں گے۔ تمام چیف کمشنرز ان لینڈ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)



ملتان: سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نشتر ہسپتال ملتان کے دورے کے دوران مریضوں کی عیادت کررہے ہیں۔

وزیر داخلہ محسن نقوی کا اسلام آباد ماڈل جیل کا دورہ

اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے اور اس کا جلد افتتاح کیا جائے گا، جس کے بعد قیدیوں کو نئی جیل میں منتقل کرنے کا عمل شروع ہوگا

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ حکومت سنبھالتے ہی اسلام آباد میں جیل کی تعمیر کے منصوبے میں خصوصی دلچسپی لی تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل ہوچکی ہے اور اس کا جلد افتتاح کیا جائے گا، جس کے بعد قیدیوں کو نئی جیل میں منتقل کرنے کا عمل شروع ہوگا۔ محسن نقوی نے اسلام آباد ماڈل جیل کا دورہ کیا اور اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ حکومت سنبھالتے ہی اسلام آباد میں جیل کی تعمیر کے منصوبے میں خصوصی دلچسپی لی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ اسلام آباد ماڈل جیل کا منصوبہ مکمل ہوگیا ہے اور اب اس کا جلد افتتاح کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ افتتاح کے بعد قیدیوں کو اس جیل میں منتقل کیا جائے گا۔ بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی ممکنہ منتقلی سے متعلق سوال پر وفاقی وزیر داخلہ نے جواب دیا کہ جو قیدی اسلام آباد کا ہوگا، اسے اس جیل میں منتقل کیا جائے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر49)



لاہور: پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر سیکیورٹی اہلکار داخلی راستے پر الرٹ کھڑے ہیں۔

میاں چنوں، مبینہ باپ کے تشدد سے 6 سالہ بچہ جان بحق

پولیس کے مطابق بچے کے جسم کو سگریٹ سے داغنے کے نشانات بھی موجود ہیں

بچے کے جسم پر چائے سے جھلسنے کے نشانات نہیں ملے، واقعے کی تحقیقات کے لیے ایس ڈی پی او میاں چنوں اور تھانہ جہب کلاں کی پولیس جائے وقوعہ پر موجود ہے

میاں چنوں (مانیٹرنگ ڈیسک) میاں چنوں کے نواحی علاقے میں مبینہ طور پر والد کے تشدد سے چھ سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق بچے کے جسم کو سگریٹ سے داغنے کے نشانات بھی موجود ہیں، بچے کی موت کی اطلاع پر ڈی پی او خانیوال نے نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کا حکم دے دیا۔ پولیس کے مطابق بچے کی والدہ حیات نہیں تھیں اور وہ اپنے چاچی کے پاس رہتا تھا، چند روز قبل والد بچے کو اپنے گھر لے گیا تھا۔ ملزم کا موقف ہے کہ بچہ سیڑھیوں سے گرنے اور گرم چائے سے جھلسنے کے باعث زخمی ہوا۔ تاہم پولیس کے مطابق بچے کے جسم پر چائے سے جھلسنے کے نشانات نہیں ملے، واقعے کی تحقیقات کے لیے ایس ڈی پی او میاں چنوں اور تھانہ جہب کلاں کی پولیس جائے وقوعہ پر موجود ہے، پولیس مختلف پہلوؤں سے تفتیش کررہی ہے۔



نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان کی زیر قیادت کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی نکالی جارہی ہے۔

بیرون ملک پاکستانی وطن عزیز کا قیمتی اثاثہ ہیں، سید محمد نہال ہاشمی

ملکی معیشت کی مضبوطی میں ان کا کردار قابل تحسین ہے، گورنر سندھ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ بیرون ملک پاکستانی وطن عزیز کا قیمتی اثاثہ ہیں، ملکی معیشت کی مضبوطی میں ان کا کردار قابل تحسین ہے۔ اوورسیز پاکستانی اپنی محنت، لگن اور صلاحیتوں کے ذریعے نہ صرف دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کررہے ہیں بلکہ ملکی معیشت کی مضبوطی میں بھی اہم کردار ادا کررہے ہیں۔ ان کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلات زر ملکی معیشت کے استحکام اور عوام کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ اوورسیز پاکستانیوں نے ہمیشہ مشکل وقت میں اپنے وطن کا ساتھ دیا ہے اور پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا ہے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر60)



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے اپنے دورہ کینیڈا کے موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کینیڈا کے صدر سہیل اختر وڑائچ کی جانب سے پرتکلف الوداعی ظہرانہ کی تقریب میں احسن اور یس باجوہ ایڈووکیٹ کو سندھی ٹوپی پہنارہے ہیں

27 اکتوبر 1947 ریاست جموں وکشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، ریحانہ امتیاز ڈار

مقبوضہ کشمیر کے عوام نے بھارتی بربریت کے باوجود آزادی کی شمع روشن رکھی ہوئی ہے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر 1947 ریاست جموں وکشمیر کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، جب بھارت نے مقبوضہ کشمیر پر قبضہ کیا تھا۔ مقبوضہ کشمیر کے عوام نے بھارتی بربریت کے باوجود آزادی کی شمع روشن رکھی ہوئی ہے اور ان کا جذبہ آزادی نسل در نسل منتقل ہورہا ہے۔ اس دن کو کشمیری عوام، پاکستان اور دنیا بھر میں مقیم پاکستانی وکشمیری ہر سال یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں۔ اس دن کو منانے کا بنیادی مقصد کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا، ان کی جدوجہد کو اجاگر کرنا اور عالمی برادری کی توجہ مسئلہ کشمیر کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر50)


یوم سیاہ کشمیر، آصفہ بھٹو زرداری کا کشمیری خواتین اور بچوں سے اظہار یکجہتی، حق خودارادیت کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے یوم سیاہ کشمیر پر بالخصوص کشمیری خواتین اور بچوں سے اظہار یکجہتی اور کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری خواتین اور بچوں کی مشکلات، حقوق اور مستقبل کو بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کی صورتحال سے متعلق عالمی کوششوں میں مرکزی اہمیت دی جانی چاہیے، پاکستان کشمیری عوام کے جائز حقوق کے حصول کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر53)

منڈی بہاءالدین: اسیران جیل کیلئے تعلیمی کورس مکمل کرنے پر تقریب تقسیم اسناد کا انعقاد

جرائم کے خاتمے کیلئے اسیران کی معاشرتی اور دینی تربیت کا مقصد مثبت تبدیلی اور قوم کی ترقی ہے، NCHD کے شکر گزار ہیں، سپرنٹنڈنٹ جیل





منڈی بہاءالدین ( ) نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ ضلع منڈی بہاءالدین ہیومن ڈویلپمنٹ سپورٹ یونٹ سرگودھا کی طرف سے ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاءالدین میں تعلیم بالغاں پروگرام کے حوالہ سے اسناد کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں این سی ایچ ڈی ضلع منڈی بہاءالدین کی طرف سے ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاءالدین میں قائم کردہ تعلیم بالغاں کے لٹریسی سنٹر میں داخل لرنرز (اسیران) کو کورس مکمل کرنے پر اسناد سے نوازا گیا۔ ڈسٹرکٹ جیل منڈی بہاءالدین میں منعقدہ تقریب میں سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل حق نواز، ڈپٹی ڈائریکٹر این سی ایچ ڈی ضلع سرگودھا/منڈی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر59)

کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو سلام پیش، بھارت کا غاصبانہ تسلط ختم ہونا چاہیے، مرزا محمد جاوید

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق رکن پنجاب اسمبلی مرزا محمد جاوید نے مقبوضہ جموں وکشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف یوم سیاہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی سے غیر متزلزل وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا مکمل حق حاصل ہے اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر64)

لاہور ہائیکورٹ نے محکمہ صحت کے 6 ملازمین کی اپ گریڈیشن بحال کردی

اپ گریڈیشن کی بنیاد پر ادا شدہ تنخواہوں کی ریکوری اور ریٹائرڈ ملازمین کے پنشن و ریٹائرمنٹ فوائد میں کمی سے متعلق احکامات کالعدم

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی اپ گریڈیشن واپس لینے کے حکومتی احکامات کالعدم قرار دیتے ہوئے محکمہ صحت کے 6 ملازمین کو ان کے اپ گریڈ شدہ عہدوں پر بحال کرنے کا حکم دے دیا جبکہ عدالت نے اپ گریڈیشن کی بنیاد پر ادا شدہ تنخواہوں کی ریکوری اور ریٹائرڈ ملازمین کے پنشن و ریٹائرمنٹ فوائد میں کمی سے متعلق احکامات بھی کالعدم قرار دیدیئے۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس شیریں عمران نے چھ ملازمین کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ درخواست گزاروں میں محمد فیاض الحق سمیت محکمہ صحت کے چھ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر61)

اقوام متحدہ کا ضمیر کب جاگے گا، کشمیریوں کو حق خودارادیت کب ملے گا؟ چوہدری برجیس طاہر

سابق گورنر وسابق وفاقی وزیر کا کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

سانگلہ ہل (سٹاف رپورٹر) سابق گورنر و سابق وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر محض ایک تاریخ نہیں بلکہ کشمیری عوام کی دہائیوں پر محیط جدوجہد، قربانیوں اور مظلومیت کی دردناک داستان ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اقوام متحدہ کا ضمیر کب جاگے گا اور کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت کب ملے گا؟ 21 اپریل 1948 (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر51)

پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے کے لیے کوشاں ہے، قیصر احمد شیخ

چنیوٹ (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے اور خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، جنگ کے اثرات خطے کی معیشت، تجارت اور عوامی زندگی پر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر54)

لاہور ہائیکورٹ نے محکمہ صحت کے 6 ملازمین کی اپ گریڈیشن بحال کردی

ہائیکورٹ کی جسٹس شیریں عمران نے چھ ملازمین کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کردیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی اپ گریڈیشن واپس لینے کے حکومتی احکامات کالعدم قرار دیتے ہوئے محکمہ صحت کے 6 ملازمین کو ان کے اپ گریڈ شدہ عہدوں پر بحال کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے اپ گریڈیشن کی بنیاد پر ادا شدہ تنخواہوں کی ریکوری اور ریٹائرڈ ملازمین کے پنشن و ریٹائرمنٹ فوائد میں کمی سے متعلق احکامات بھی کالعدم قرار دے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر58)

خیبرپختونخوا حکومت کا بڑا اقدام، 6 سال سے زیر التوا منصوبہ 10 روز میں مکمل

عوامی مسائل کے حل کے لیے سیاسی نعروں کے بجائے عملی اقدامات اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضروری ہے، ذرائع

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبرپختونخوا کی نئی صوبائی حکومت نے پی ٹی آئی کا سالوں سے زیر التوا منصوبہ 10 روز میں مکمل کروادیا۔ خیبرپختونخوا حکومتی ذرائع کے مطابق مردان کی بخشالی روڈ چھ سال سے تاخیر کا شکار تھی، جسے نئی صوبائی حکومت نے صرف 10 دن میں پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے سیاسی نعروں کے بجائے عملی اقدامات اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضروری ہے، تاہم بخشالی روڈ کی تکمیل خیبرپختونخوا کی نئی صوبائی حکومت کی عوامی سہولیات کی فراہمی پر سنجیدہ توجہ کی عکاس ہے۔ حکومتی ذرائع کا کہنا تھا کہ بخشالی روڈ کی تکمیل سے عوام کو سفری سہولت میسر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر62)

پاکستان مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، طارق فضل چوہدری

حکومت تربیت اور استعداد کار میں اضافے کے لیے اقدامات کررہی ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ دنیا تیزی سے مصنوعی ذہانت کی طرف بڑھ رہی ہے اور پاکستان بھی اس شعبے میں تیزی سے پیش رفت کررہا ہے، حکومت انسانی وسائل کی ترقی، تربیت، استعداد کار میں اضافے اور وظائف کے ذریعے اس جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے۔ منگل کو سینیٹ میں سینیٹر محمد اعظم خان سواتی کے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت نے مصنوعی ذہانت کے حوالے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر52)

پاکستان ہاکی کا سنہری دور واپس لانے کے لیے نوجوان کھلاڑیوں کو جدید سہولیات فراہم کرنا ہوں گی، احسن اقبال

نارووال (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ہاکی کو دوبارہ عالمی سطح پر مقام دلانے کے لیے نوجوان کھلاڑیوں کو جدید سہولیات اور بھرپور مواقع فراہم کرنا ہوں گے۔ نیشنل سپورٹس سٹی میں انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب اولمپکس میں پاکستان کی ہاکی ٹیم کی شرکت کو گولڈ میڈل کے حصول کی مضبوط امید سمجھا جاتا تھا۔ ہمیں پاکستان ہاکی کا وہی سنہری دور واپس لانا ہے اور قومی کھیل کو دوبارہ عالمی سطح پر نمایاں مقام دلانے کے لیے نوجوان کھلاڑیوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر55)

اورنج ٹرین کا دائرہ کار رائے ونڈ تک بڑھانے کا مطالبہ

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) رائے ونڈ کے شہریوں نے حکومت پنجاب سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اورنج لائن میٹرو ٹرین کا دائرہ کار علی ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ سے رائے ونڈ تک بڑھایا جائے تاکہ لاکھوں آبادی کو سفری سہولیات میسر آسکیں۔ رائے ونڈ پریس کلب میں شہریوں کے ایک (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

یوم سیاہ کشمیر پر نارووال میں احتجاجی ریلی، کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کا اعادہ

نارووال (سٹاف رپورٹر) 27 اکتوبر یوم سیاہ کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان کی زیر قیادت کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں مختلف محکموں کے افسران، سول سوسائٹی اور میڈیا نمائندگان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے کشمیر بنے گا پاکستان کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔ ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان نے کہا پاکستان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر65)

راولپنڈی، سسرال میں تشدد اور خاتون کے بال کاٹنے پر شوہر، ساس اور سسر گرفتار

تشدد سے تنگ آکر خاتون نے پڑوسیوں کے گھر پناہ لی، متاثرہ خاتون کی ایک ویڈیو بھی سامنے آئی ہے، رپورٹ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی کے علاقے افضل آباد میں سسرال کے مبینہ تشدد سے تنگ آکر پڑوسیوں کے گھر پناہ لینے والی شادی شدہ خاتون کے معاملے پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اس کے شوہر، ساس اور سسر کو تحویل میں لے لیا۔ تھانہ چکلالہ کی حدود شاہ خالد کالونی، افضل آباد میں پیش آنے والے واقعے میں ڈیڑھ سال قبل شادی کرنے والی نایاب بی بی نے سسرالی رشتہ داروں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر63)

نہری پانی چوری کسانوں کے حقوق پر ڈاکہ ہے، ڈپٹی کمشنر سرگودھا

نہری پانی کی تقسیم کی مسلسل نگرانی، پانی چوری کی نشاندہی پر فوری کارروائی یقینی بنائی جائے، افسران کو ہدایت

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ نہری پانی چوری کسانوں کے حقوق پر ڈاکہ ہے اس لئے کسی کو بھی دوسرے کا حق سلب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ضلع بھر میں نہری پانی چوری اور غیر قانونی طور پر پانی کا رخ موڑنے والوں کے خلاف بھرپور ایکشن ہو گا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میں نہری پانی چوری کے خلاف رات گئے کارروائی میں ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری ڈی پی او تو قیر محمد نعیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے جنہوں نے کوٹ مومن کے علاقے گلہ پور سمیت مختلف دیہات میں تین گھنٹے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر56)

نائب وزیراعظم کی تقرری رولز آف بزنس 1973 کے تحت کی گئی ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ نائب وزیراعظم کی تقرری رولز آف بزنس 1973 کے تحت کی گئی ہے، موجودہ حکومت کے دور میں پہلی مرتبہ یہ تقرری نہیں ہوئی بلکہ ماضی میں بھی نائب وزیراعظم کی تقرری کی جاتی رہی ہے۔ منگل کو سینیٹ میں سینیٹر محمد ہمایوں مہمند کے سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت آئین اور رولز آف بزنس کے تحت امور انجام دیتی ہے اور نائب وزیراعظم کی تقرری بھی متعلقہ قواعد کے مطابق کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر66)



راولپنڈی: کوہاٹی بازار میں کاریگر تندور میں گاہکوں کیلئے باقر خانیاں تیار کررہا ہے



راولپنڈی: بدلتے موسم کے باعث گرم رضائیاں فروخت کیلئے سجا کر رکھی ہیں